**Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui:** Mr. Chairman, I beg to move an adjournment motion on the incident of yesterday. I beg to move that the normal business of the House may be suspended to discuss a matter of an urgent public importance and of recent occurrence, wherein five people were killed and nearly 83 persons were injured when the Police resorted to Lathi charge, tear gassing and opened fire on the procession in Islamabad yesterday, February 12, 1989 which was taken out to protest against the book 'Satanic Verses' and its publishers. The Police used tear gas and opened indiscriminate firing on the procession which resulted in the tragic incident and loss of lives of five Pakistanis. Those injured include members of National Assembly and political leaders of the country including Nawabzada Nusrullah Khan, Maulana Fazl-ur-Rehman, Maulana Abdul Satar Niazi, Maulana Kausar Niazi and others. This tragic incident caused grave resentment all over the country which could also spread a wave of violence and agitation. The matter is of an utmost public importance and has injured the fervent faith and belief of the Muslims of Pakistan and the entire Muslim World and may be taken up at once.

**جناب چیئرمین:** جناب طارق چوہدری صاحب کیا آپ اس کی تائید کرتے ہیں

I don't think, it is necessary to read it.

جناب شاد محمد خان صاحب۔

**Mr. Shad Muhammad Khan:** Yes Sir.

جناب چیئرمین : اخونزادہ بہرہ ور سعید صاحب ۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید : میں تائید کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : مولانا سمیع الحق صاحب ۔

مولانا سمیع الحق : جی میں تائید کرتا ہوں کل ... شاتم رسول سلمان رشدی کی دل آزاد کتاب شیطانی آیات

افراد زخمی ہوئے جن میں کئی ایک موت و حیات کی کشمکش میں مبتلا ہیں ۔ ناموس رسالت صلی اللہ علیہ وسلم پر مر مٹنے والے نوجوانوں اور مسلمانوں کی غیرت ایمانی کو جس شرمناک انداز میں کچلنے کی کوشش کی گئی پاکستان کی تاریخ میں اس کی مثال نہیں ملتی

کے خلاف عشق رسول ؐ سے سرشار غیرت مند مسلمان پُرامن مظاہرہ کر رہے تھے کہ درندہ صفت پولیس نے پُرامن مظاہرین پر اندھا دھند فائرنگ کی، لاٹھی چارج کیا اور بے شمار آنسو گیس کے شیل پھینکے جس سے کئی مسلمان جاں بحق ہوئے اور درجنوں

اس حادثہ نے پوری قوم کو رنج و غم میں مبتلا کر دیا ہے اور پوری قوم سراپا احتجاج بن گئی ہے اس لئے سینیٹ میں اس معاملہ کو زیر بحث لایا جائے اور سینیٹ کے آج کے دن کی سرکاری کارروائی اس سوگ میں موقوف کر دی جائے ۔

جناب چیئرمین : قاضی حسین احمد صاحب ۔

قاضی حسین احمد : میں اس کی تائید کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : پروفیسر خورشید احمد ۔

پروفیسر خورشید احمد : جناب میں بھی تائید کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : سید عباس شاہ صاحب ۔

سید عباس شاہ : میں بھی تائید کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : ڈاکٹر نورجہاں پانیزئی ۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی : میں بھی تائید کرتی ہوں۔

جناب چیئرمین : سید نفیس اقبال ۔

سید نفیس اقبال : میں بھی تائید کرتا ہوں ۔

Mr. Chairman: Mr. Interior Minister, are you opposing these motions ?

Mr. Aitzaz Ahsan: Not opposing.

Mr. Chairman: Well. In view of the fact that is a matter of urgent public importance and also because the incident has taken place in Islamabad which is directly under the Federal Government, I hold these motions to be in order.

The next is, do these Members have leave of the House under Rule 77 ? Mr. Minister for Interior, would you oppose the leave being granted under Rule 77 ?

Mr. Aitzaz Ahsan: No.

Mr. Chairman: In that case, I don't have to ask the Members to rise in their seats. So, the motion is, therefore, admitted for discussion and the next question would be; would you like to discuss them today or would you like to discuss them on a date to be fixed later ?

(Voices Today, Sir)

Mr. Chairman: Any objection, Mr. Minister for Interior?

Mr. Aitzaz Ahsan: No.

Mr. Chairman: O.K. Then, we will start with discussion immediately. The rest of the Agenda will stand suspended for the day. We will start with adjournment motion No. 96 moved by Mr. Mohsin Siddiqui and then in the order in which these have been given.

کوشش تو یہی ہونی چاہیئے کہ دس منٹ سے زیادہ وقت نہ ہو جائے، کیوں کہ رولز کے مطابق اس میں محرکین کے لئے آدھا گھنٹہ وقت ہے لیکن میں درخواست یہی کروں گا کہ کوشش یہ کی

[Mr. Chairman]

جلائے کہ دس منٹ جو محرکین نہیں ہیں ان کے لئے جو محرکین ہیں ان کے لئے ۱۵ منٹ کی اجازت دے دیتے ہیں تو اس میں کوشش یہ کی جائے کہ وقت چوں کہ کم ہے اور آج کا ہی دن ہے اور اسی میں اگر مکمل کیا جا سکے تو بہتر ہے، محسن صدیقی صاحب۔

جناب محمد محسن صدیقی: جناب چیئرمین! میں بڑا ہی آزردہ دل ہو کر آج اس موضوع پر ایوان کے سامنے اپنے خیالات پیش کرنا چاہتا ہوں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے اس شیطانی کتاب کے متعلق میں نے ایک تحریکِ التوا تین چار دن پہلے دی تھی اور کل میں نے آپ سے بڑی مؤدبانہ درخواست کی تھی کہ یہ ایک ایسا مسئلہ ہے کہ جس میں مسلمانوں کے جذبات بڑے مجروح ہوئے ہیں اور پوری قوم منتظر ہے کہ پارلیمنٹ کا ایوان بالا اس سلسلے میں کیا ردّعمل ظاہر کرتا ہے مگر بدنصیبی میری کہ وہ کل نہ آسکی اور یہ سانحہ پیش آگیا۔ یہ سانحہ دراصل اسی کا نتیجہ ہے کہ جو اس واقعہ کو اور اس کی اہمیت کو کم کرنے کی کوشش کی گئی ہے حکومت کی طرف سے بھی اور شاید ہم لوگوں کی طرف سے بھی کوتاہی ہوئی مگر جو ہوا سو ہوا جو گزر را وہ گزر گیا، جو ہونا تھا وہ ہو گیا۔ اس سے ہمارے سامنے تین چیزیں واضح طور پر آتی ہیں ایک تو حکومت اور ان کے اعمال جو کل کے واقعہ میں برسرِ پیکار تھے یا متعین تھے ان کے کردار کے متعلق دو تین پہلو ایسے ہیں کہ میں جن پر یقیناً روشنی ڈالنا چاہوں گا۔

پہلی بات جو میری سمجھ میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ جب جلوس کی اجازت دی گئی تھی تو اسے پورے انتظامات کے ساتھ پورے حفاظتی اقدامات کے ساتھ اس طرح کنٹرول کیا گیا کہ لوگوں کی جان اور مال خطرے میں نہ پڑے، ایک مرتبہ پہلے بھی اسلام آباد کو تجربہ ہوا ہے کہ امریکی سفارتخانے میں اس قسم کا واقعہ رونما ہوا اور یقیناً اس وقت کے بہت سے پولیس آفیسر بھی ابھی یہاں ہوں گے اور اس تجربے سے انہیں فائدہ اٹھانا چاہیئے تھا اگر لوگ چاہتے تھے کہ امریکن سنٹر جائیں یا امریکن حکام سے اس معاملہ پر

اپنے جذبات کی ترجمانی کریں جو اس کتاب کے پبلشر کے خلاف تھا تو یقیناً حکومت کو اور ان کے اعمال کو یہ کرنا چاہیئے تھا کہ ایک باقاعدہ وفد کو اجازت دیتے اور اگر وہ ڈیلی گیشن کی شکل میں وہاں جاکر کوئی عرضداشت پیش کرنا چاہتے کوئی میمورنڈم پیش کرنا چاہتے تو اسے انہیں پیش کرنے دیتے جب جلوس اجازت سے نکالا گیا تو پھر اس کے اوپر لاٹھی چارج کرنا آنسو گیس چھوڑنا اور گولی چلانا جس سے پانچ افراد گئے اور ۸۳ افراد زخمی ہوگئے یہ انتہائی افسوسناک اور شرمناک ہے۔

دوسرا پہلو جو اس واقعہ سے سامنے آتا ہے وہ یہ کہ آج بھی ہماری حکومت جو عوامی حکومت ہے اور یقیناً جو عوام کے ووٹ سے کامیاب ہوکر آئی ہے اسے عوام کے جان و مال اور عزت کی حفاظت کا فرض ادا کرنا پوری طرح سے ابھی شاید سمجھ میں نہیں آیا، ایک حکومت اور ایک مہذب ملک کی حکومت اور ایک عوامی حکومت کا یہ فرض اولین ہوتا ہے کہ وہ تمام شہریوں کے جان و مال کی حفاظت کرے، جلوس نکالنا، جلسے کرنا، احتجاجی جلسے کرنا یہ جمہوریت کا مزاج ہے اور اس سے کوئی انکار نہیں کر سکتا اور اگر عوامی حکومت اس سے انکار کرے گی تو پھر اُسے یہ طے کرنا ہوگا کہ ایک ڈکٹیٹر یا مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر اور ان کی حکومت میں آخر کیا فرق ہے، دوسری ایک اور چیز جو پولیس افسران یا علاقے کے جو افسران ہیں ان کو یہ کیسے کھلی چھٹی دی جا سکتی ہے۔ کہ وہ باوجود اس کے کہ یہ شہر جہاں صدر سے لے کر تمام وزراء تمام اعلیٰ افسران موجود ہوں بغیر کسی اجازت کے اس طریقے سے گولی چلائیں کہ لوگ اس سے بُری طرح زخمی ہوں اور پانچ جانیں ضائع ہوجائیں میرے نزدیک اس میں یقیناً کچھ لوگوں کی کوتاہی شامل ہے اور جیسے کہ ایک روایتی چیز رہی ہے جب بھی کوئی اس قسم کا واقعہ ہوتا ہے تو اس واقعے کو دراصل میں سمجھتا ہوں کہ یہ انکوائریاں جو ہیں اس واقعہ کے اوپر پردہ پوشی ہوتی ہے اور محض ایک انکوائری کمیشن یا جوڈیشل انکوائری کا ایک اعلان کر دیا جاتا ہے، مجھے اس قسم کی

[Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui]

درجنوں بلکہ سینکڑوں انکوائریز کا تجربہ ہے آج تک نہ کسی انکوائری کا نتیجہ سامنے آیا اس میں جو لوگ جرم کے مرتکب ہوئے ان کے اوپر کوئی ایکشن لیا گیا اس لئے میں اس حکومت سے درخواست کروں گا کہ وہ رسومات کو چھوڑ کر پرانی روایات کو ترک کر کے یہ کوشش کرے کہ وہ تمام افسران جو اس میں ملوث ہیں ان کے خلاف یقیناً یہ ہائی کورٹ کے جج کی سربراہی میں جو انکوائری کی جائے گی وہ اپنی جگہ پر ہے۔ ایک محکمانہ انکوائری فوراً کی جائے اور تمام افسران جو اس میں ملوث پائے جائیں یا جنہوں نے اپنے فرائض کی انجام دہی میں کوتاہی کی ہے یا انہوں نے اس کو فراموش کیا ہے ان کے خلاف فوری اقدام کئے جائیں اور ایسے تمام افسر خواہ ان کی کوئی پوزیشن ہو انہیں فوراً معطل کیا جائے۔

تیسرا مسئلہ جو بڑا اہم ہے کہ جہاں تک اس کتاب کا تعلق ہے اس سے مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں اگر اس کے لئے لوگ جلوس یا جلسے کرتے ہیں تو حکومت کو چاہیئے کہ بجائے اس کے کہ پولیس کو تعینات کر کے لوگوں کے اوپر گولیاں چلائی جائیں حکومت خود اس میں شامل ہو یہ وہ مسئلہ ہے جس میں کوئی دو آراء نہیں ہو سکتیں میں یقین سے کہہ سکتا ہوں اور پوری اسلامی تاریخ اس بات کی گواہ ہے بلکہ موجودہ دنیا کی تاریخ کم از کم ۱۴، ۱۵ سو سال کی تاریخ گواہ ہے کہ اگر کسی نے اللہ تعالیٰ کی شان میں گستاخی کی ہے تو اس کو معاف کر دیا مگر رسولِ اقدسؐ کے اوپر کسی نے اگر کیچڑ اچھالا ہے یا کوئی گستاخی کی ہے یا اس قسم کی الزام تراشی کی ہے تو اللہ نے بھی کبھی اس کو معاف نہیں کیا ہے آپ یاد کریں "رنگیلا رسول" لکھنے والے کا کیا حشر ہوا آپ یاد کریں ایران میں جب اس قسم کا ایک پیغمبر پیدا ہوا تھا اس کا کیا حشر ہوا آپ پوری اسلامی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیں تو آپ کو ایک مسلمہ اصول ملے گا کہ رسول اقدسؐ کی شان میں گستاخی کرنے والا کبھی نہ سرسبز ہوا ہے نہ جیا ہے نہ زندگی میں کبھی کامران ہوا ہے میں اس حکومت سے بڑی پُر زور اپیل کروں گا

کہ اس واقعہ کے بعد پورے ملک میں یقیناً ایک لہر دوڑے گی اور اس لہر میں مسلمانوں کے جذبات یقیناً اس قدر مشتعل ہوں گے کہ اس قسم کے مزید واقعات ہو سکتے ہیں اس لئے ان کا مداوا یہ نہیں ہے کہ پولیس وہاں پر متعین کر دی جائے۔ ٹیئر گیس یونٹ لگا دیئے جائیں اور لاٹھی چارج کیا جائے یا فائرنگ کی جائے وہاں خود ہمارے وزراء ہماری پرائم منسٹر اگر ضرورت ہے تو ہمارے صدر جائیں اور لوگوں سے اپیل کریں اور ان کو بتائیں کہ یہ عوامی نمائندے ہیں عوام نے انہیں الیکٹ کیا ہے یہ خود عوام میں جائیں۔ پولیس کو بھیجنے سے یہ کام نہیں چلے گا پولیس اس لئے نہیں ہے کہ مسلمانوں کے جذبات جہاں مجروح ہوں اور ایسے موقف میں مجروح ہوں جہاں پر مسلمان بے چین ہو جاتا ہے جہاں اس کا دماغ مجروح ہو جاتا ہے جہاں غیض و غضب سے اپنے آپ کو بھول جاتا ہے جہاں وہ اپنی جان کی بازی لگا سکتا ہے پر پولیس کو تعینات کرنا یہ سیاسی عمل نہیں ہے یہ بالکل ایک بیورو کریٹک عمل ہے۔ یہ بالکل ایسے معلوم ہوتا ہے جیسے انگریز کے زمانے میں جب اقتدار ان کے پاس تھا اور جب رعایا اس قسم کے کوئی جلسے جلوس تجویز کرتی تھی تو وہ جو عمل کرتے تھے ہم نے بالکل بعینہ من وعن ان کی نقل کی ہے عوامی حکومت کا یہ طریق کار نہیں ہے جمہوری حکومت میں یہ طریقہ کار نہیں ہے۔

میں نے دیکھا ہے لیاقت علی خان مرحوم کی زندگی میں جب بھی اس قسم کے حالات ہوئے ہیں خود لیاقت علی خان میدان میں نکل کر سامنے آ گئے۔ ایسے واقعات ہوئے ہیں جہاں قائداعظم خود نکل کر سامنے آ گئے ہیں یہی نہیں اگر آپ خلیفۃ المومنین کے زمانے کے واقعات دیکھیں وہ خود اپنی جان خطرے میں ڈال کر سامنے آ گئے۔ کیونکہ یہ وہ مسئلے ہیں جو انتظامی نہیں ہیں یہ وہ مسئلے ہیں جو پولیس کے ذریعے حل نہیں ہوں گے یہی نہیں بلکہ ایک ڈیلی گیشن بنایا جائے جو ان حکومتوں کی طرف جائے جنہوں نے ان کتابوں کو publish کیا ہے یہی کافی نہیں ہے کہ اس کتاب کو پاکستان

[Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui]

ہیں ban کر دیا جائے پوری مسلم دنیا میں آپ کے ڈیلیگیشن جانے چاہئیں کیونکہ اگر اس شر کا دروازہ ایک مرتبہ کھول دیا گیا کیونکہ ایک مرتبہ کسی نابکار کو اجازت دی گئی کسی بدکار کو کسی بدذہن کو اجازت دے دی گئی کہ وہ رسول اقدس ؐ کی زندگی پر اس طرح حملہ کرے تو یقیناً پھر ایک پوری لائن ایسے لوگوں کی نکل آئے گی آپ جانتے ہیں آپ کو احساس ہے اور ساری دنیا کو معلوم ہے اس کے پیچھے یہودی لابی ہے اس کے پیچھے ایک منظم تحریک ہے اس کے پیچھے وہ لوگ ہیں جن کے پاس دولت ہے جن کے پاس سرمایہ ہے، جن کے پاس میڈیا ہے جن کے پاس بنک ہیں۔ جو حکومت امریکہ کو بھی اپنے انگوٹھے کے نیچے رکھتے ہیں آپ کا مقابلہ ان سے ہے جنہوں نے پوری اسلامی دنیا میں ظلم و استبداد جاری کر رکھا ہے جہاں فلسطین میں چھوٹے چھوٹے ننھے ننھے بچوں کو قتل کیا جا رہا ہے گولی کا نشانہ بنایا جا رہا ہے یہ وہ سفاک ہیں میں تو یہ کہنے کو تیار ہوں کہ جو ان کے ساتھ ہٹلر نے کیا تھا۔ بہت صحیح کیا تھا کیونکہ انہوں نے اپنے کردار سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ یہ ہٹلر سے زیادہ ذلیل، زیادہ سفاک اور زیادہ ظالم ہیں۔

میری آپ سے بڑی ہمدردانہ گزارش ہو گی آپ کے ذریعے میں ان حکمرانوں سے یہ کہوں گا کہ خدارا نکل کر آیئے جب ووٹ لینا تھا تو آپ عوام کے پاس گئے تھے جب عوام نے کسی مسئلے کے اوپر جلوس نکالا ہے آپ اس کے لیڈر بنیں آپ اس جلوس کو لیڈ کریں اور آپ کوشش کریں کہ عوام کے جذبات کو ایک صحیح حد تک رکھ کر جو اقدام اس سلسلے میں کرنا ہیں جس سے جو مشتعل جذبات ہیں اور ان کے دلوں میں جو زخم ہیں ان پر کسی طرح مرہم رکھا جائے تو یہ طریقہ کار اختیار کرنا چاہیئے ان چند الفاظ کے ساتھ میں دردمندانہ طریقے سے ان تمام حضرات کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتا ہوں اور ان کے ورثاء سے جن کی جانیں ضائع ہوئی ہیں ان لوگوں سے جو زخمی ہوئے ہیں اور میں دعا کرتا ہوں کہ جو شہید ہوئے ہیں انہیں اللہ جنت نصیب کرے اور جو زخمی ہوئے ہیں انہیں صحت یابی نصیب

کرے اور میں تمام پاکستانی عوام کو مبارکباد دیتا ہوں اس مسئلے پر جس شدومد سے وہ سامنے آئے ہیں وہ جائز اور حق بجانب ہے اور حکومت کو چاہیئے کہ ان کی پوری حوصلہ افزائی کرے اور وہ تمام طریقے بروئے کار لائے جن سے ان کے جذبات کی تسلی ہو سکے اور ان کے زخموں پر مرہم رکھا جا سکے۔

which is a very commendable act. I hope others will follow it. Mr. Muhammad Tariq Chaudhary.

جناب محمد طارق چوہدری: شکریہ! جناب چیئرمین، آپ نے اس اہم موضوع پر مجھے اظہار خیال کا موقع دیا۔ سلمان رشدی جس کا نام مسلمانوں جیسا ہے۔ اس کی کتاب "شیطانی آیات" کے خلاف کل ایک بہت بڑا جلوس نکالا گیا۔ اس دنیا میں جتنے بھی لوگ بستے ہیں۔ ان میں سے اکثر و بیشتر خدا کو کسی نہ کسی صورت میں ضرور مانتے ہیں وہ کسی بھی نام سے اس کو یاد کریں کسی بھی نام سے اس کو پکاریں لیکن خدا کے وجود کو اور اس کی طاقت کو سب تسلیم کرتے ہیں لیکن مسلمانوں کی انفرادیت ان کی اہمیت ان کی قدر و منزلت دنیا و آخرت میں نبی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی وجہ سے ہے اور مسلمان اپنے خدا تک رسائی اور اس کے وجود کو اس کی طاقت کو اس کی اہمیت کو اس کی وحدانیت کو نبی آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی بتائی ہوئی تعلیمات کے مطابق تسلیم کرتے ہیں لہذا مسلمانوں نے کبھی بھی اپنے پیارے پیغمبر کے بارے میں نازیبا، غلط، جھوٹی اور من گھڑت حکایات، تحریروں اور گفتگو کو قبول نہیں کیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ یہودی اور عیسائی مذاہب کے ماننے والے جنہوں نے اپنے پیغمبروں کی دی ہوئی آیات میں تحریف کر لی مسلمان اب تک اپنی کتابوں میں اس طرح کی چیزوں سے بچے ہوئے ہیں اگرچہ اسلام آباد میں کل ہونے والے سانحہ پر ہم سب

[Mr. Muhammad Tariq Chaudhary]

بہت افسردہ ہیں ہمیں بڑی تشویش ہے اور ان شہید ہونے والوں کے ساتھ ہمیں ہمدردی اور محبت بھی ہے لیکن اس میں ایک خوشی کا پہلو بھی ہے کہ مسلمان قوم کے خون میں ابھی تک وہ گرمی باقی ہے کہ جس کے جوش سے وہ اپنے نبی کی، اپنے مذہب کے ناموس کا تحفظ کرتے ہیں۔ کل کا سانحہ جس میں چھ افراد شہید ہو گئے، ۸۲ مظاہرین زخمی ہوئے، جن میں سے ۱۳ شدید زخمی ہوئے تھے جو ابھی ہسپتال میں ہیں، اور ۹۷ پولیس کے آدمی بھی زخمی ہوئے۔ سلمان رشدی کی کتاب ایک برس پہلے شائع ہوئی۔ سلمان رشدی ہندوستان کا شہری ہے، انڈیا کا شہری ہے۔ جو انگلستان میں مقیم ہے اور کتاب برطانیہ کے ایک پبلشر نے شائع کی۔ اس کتاب کے بارے میں علماء حضرات تو شاید کم جانتے ہوں گے کیونکہ وہ اس طرح کی کتابیں پڑھا نہیں کرتے ہیں لیکن یہ بات میری سمجھ میں نہیں آتی ہے کہ نوابزادہ نصراللہ صاحب، اور مولانا کوثر نیازی صاحب وغیرہ کو کل اس کو issue بنانے کی ضرورت کیوں محسوس ہوئی اور کتاب پہ پاکستان میں پابندی بھی لگائی جا چکی ہے لیکن اس پابندی کے باوجود جب یہ بات شدومد کے ساتھ پاکستان بھر میں اٹھی، تو حکومت کو آخر اس میں کیا اعتراض ہے کہ وہ برطانوی حکومت سے سفارتی سطح پہ شدید احتجاج کرے اور ان سے کہے کہ مسلمانوں کے جذبات کو مجروح کرنے والی اس طرح کی تحریریں تمہارے یہودی پریس میں چھپی ہیں، لہٰذا ان کارروائیوں کو بند کیا جائے، اگر وہ ان کارروائیوں کو بند نہیں کرتے ہیں تو ہم ان کے ساتھ اپنے تعلقات پر نظر ثانی کر سکتے ہیں۔ ہمیں کسی بھی حکومت کے ساتھ اپنے تعلقات کے مقابلے میں۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Syed Abbas Shah on a point of order.

Syed Abbas Shah: Sir, I will correct my friend the publisher is from New York and its name is "Viking". Thank you.

قاضی حسین احمد: برطانیہ میں پنگوئن نے اور امریکہ میں وائی کنگ نے یہ کتاب پبلش کی ہے۔ اس لئے دونوں ممالک کا تعلق ہے۔

جناب چیئرمین: میرا خیال ہے کہ پوائنٹ آف آرڈر پر کسی کی تقریر میں اس طرح مداخلت کرنا مناسب نہیں۔ جب آپ کی باری آئے گی تو اس کی وضاحت کر دیجئے گا۔

جناب محمد طارق چوہدری: برطانوی حکومت سے اور متعلقہ حکومتوں سے ہمیں اس بارے میں احتجاج کرنا چاہیئے اور حکومت اس issue کو تضاد کا issue اپوزیشن کا issue، احتجاج کرنے والوں کا issue نہ سمجھے، یہ سب مسلمانوں کا issue ہے۔ سب مسلمانوں کے نبی کی ناموس کا مسئلہ ہے لہٰذا حکومت اور اپوزیشن کے کردار سے ہٹ کر اس بارے میں اُمت مسلمہ کو پوری یکجہتی کے ساتھ احتجاج کرنا چاہیے اور اس طرح جلوس نکال کر کہ خود اپنے ہی شہروں میں اپنے ہی شہروں اور اپنی ہی گولیوں کے ساتھ اپنے ہی لوگوں کے سر توڑنے کی بجائے جبکہ آپ اس کو واجب القتل قرار دے چکے ہیں، دو اچھے گوریلوں کو وہاں بھیج کر ایسے آدمی کا کام تمام کیوں نہیں کر دیتے نہ کہ اپنے ہی شہریوں کو خاک اور خون میں تڑپاتے چلے جائیں۔ میں یہ سمجھوں گا کہ مسلمانوں کے اندر جوش و جذبہ اور ولولہ کا پایا جانا زندگی کی علامت ہے لیکن اپنے ناموس کے تحفظ کے لئے بعض اوقات عقل، ذہانت، تدبر سے بھی کام لینا چاہیے۔ اور ایسے لوگوں کو زیادہ دیر تک زمین کے اوپر برداشت کرنے کی بجائے زمین کے نیچے دفن کرنا زیادہ ضروری ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب شاد محمد خان صاحب۔

جناب شاد محمد خان: جناب چیئرمین! کل کے اس واقعہ کو جو کہ پولیس کی نااہلی یا تساہل کی وجہ سے وقوع پذیر ہوا ہے۔ ساری قوم آج اس غم میں شامل ہے اس واقعہ میں ۵ افراد اپنی جانوں سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ اور آفیشل رپورٹ کے مطابق تقریباً ۹۴ افراد ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ میں حکومت سے استدعا کروں گا کہ عدالتی کارروائی کا اعلان تو ہو چکا ہے کہ فی الفور ان لوگوں کے لواحقین کو معاوضہ ادا کیا جائے اور جن شہداء نے ناموس رسولؐ کی خاطر اپنی جان کی قربانی دی ہے ان کی یاد میں ایک یادگار بھی قائم کی جائے تو بہتر ہو گا۔

[Mr. Shad Muhammad Khan]

حضورِ والا! کل کے واقعات سے برسرِ اقتدار حکومت کی آنکھیں کھل جانی چاہئیں اب اگر سوچے سمجھے یا بغیر سوچے سمجھے فیصلوں کو چھوڑ دیا جاتا ہے اور ان کی خاص طور پر نہ کوئی تحقیق ہوتی ہے، تو اس کے نتائج اسی طرح سامنے آتے ہیں جیسے کل آئے ہیں۔ سٹوڈنٹس یونین پر سے پابندی ہٹانا، ٹریڈ یونین سے پابندی ہٹانا، ان کے نتائج یہی ہونے ہیں جو کل سامنے آئے ہیں۔ کل اکثریت میں طلباء اس جلوس میں شریک تھے۔ یہ جلوس پُرامن طور پر گزرا۔ پارلیمنٹ سے جاتے ہوئے نامعلوم کس بناء پر فی الفور اسے مشتعل کیا گیا، اور قوم کا سرمایہ یا اچھے لوگ جو تھے وہ قربانی کی بھینٹ چڑھ گئے۔

حضورِ والا! یہ درست ہے کہ سفارتی آداب کے تحت سفارت خانوں کی پُرامن طریقے سے حفاظت کرنا حکومت کا فرض ہوتا ہے کیونکہ یہ حادثات کل بیرونی دنیا میں ہمارے سفارتخانوں کے ساتھ بھی پیش آسکتے ہیں۔ مگر اس حد تک اندھا دھند آگے نہیں جانا چاہیئے کہ قوم کے جیالوں کو موت کی بھینٹ چڑھا دیا جائے۔ حکومت نے جو اعلان کیا ہے اس کی باقاعدہ عدالتی تحقیقات ہوگی۔ اس لئے میں یہ نشاندہی کروں گا کہ اس میں ایسے افراد بھی شامل ہوں گے جن کے کچھ سیاسی عزائم ہوں گے۔ حکومت کو چاہیئے کہ ان کی نشاندہی کرے اور انہیں قرار واقعی سزا دے۔

جنابِ والا! میں پھر زور دوں گا کہ ان شہداء کے لواحقین کو معاوضہ دیا جائے اور ان کی حوصلہ افزائی کی جائے اور ان کی خاطر تحقیق ایسے مراحل پر کی جائے تاکہ حقائق سامنے آسکیں اور جنہوں نے یہ غیر ذمہ دارانہ فعل انجام دیا ہے ان کو قرار واقعی سزا دی جاسکے۔

جناب چیئرمین: شکریہ! جناب بہرہ ور سعید صاحب۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم، بسم اللہ الرحمان الرحیم، نحمدہ نصلی علی رسولہ الکریم، جناب چیئرمین صاحب۔ کل کے واقعہ کی اطلاع جب مجھے ہوئی تو، "۱۹ سے پہلے" چار جولائی، ۱۹ء کے واقعات" اور ۲۰ دسمبر، ۱۹۷ء کے بعد کے واقعات میرے سامنے

آئے۔ جناب چیئرمین صاحب، یہ ہر کوئی جانتا ہے کہ اس جلوس کی اجازت کافی دیر پہلے حاصل کر لی گئی تھی، جس کا مطلب میں یہی سمجھوں گا کہ اجازت دے کر جو دفعہ اس موجودہ عوامی حکومت کو ملا، اس میں اس نے اپنی خود تیاری کی، اور پھر وہی کچھ ہوا جس کی خاص کر مجھے ان سے توقع تھی، اتنا بھی یہ انتظار نہ کر سکے کہ یہ واقعہ ۱۲ر فروری کو ہوا ہے۔ یہ ۲۳ر مارچ تک انتظار کرتے، پھر وہی ڈرامہ ہوتا جو لیاقت باغ میں شاید ۱۹۷۴ء میں کھیلا گیا تھا۔ اسی عوامی دور کی پہلی 'کڑی' کے حکم پر کتنے لوگ مارے گئے اور پھر ہمارے ایک دوست برقعہ پہن کر افغانستان چلے گئے۔ اتنا تو انتظار کرتے۔ مگر یہ انتظار وہ کیسے کریں۔ جس طرح سے بلوچستان اسمبلی کو ۱۵ دن کے بعد توڑا گیا اتنا بھی انتظار نہیں کیا جبکہ پہلے دور میں وہ کتنی مدت کے بعد توڑی گئی تھی۔ اس واقعہ پر نظر ڈال کر مجھے خواجہ رفیق کی تڑپتی ہوئی لاش لاہور کے اسمبلی ہال کے قریب نظر آنے لگی۔ مولانا مولوی شمس الدین آگے آگے دوڑ رہے تھے اور غنڈوں نے ان کا پیچھا کر کے ان کو پکڑ کر ذبح کر دیا۔ وہ نظارہ بھی میرے سامنے آیا۔ جب ڈاکٹر نذیر احمد کو تہہ تیغ کر دیا گیا اور پھر وہ نظارہ بھی مجھے نظر آیا۔ اگر میرے دوست، جو آجکل شیر ہیں۔ ملک قاسم ہائی کورٹ سے نکل کر اس جلوس میں جا رہے تھے اور پستول کا نشانہ بنے اور پھر جیل میں کون سی ہڈی اس کی توڑ دی گئی۔ مگر شاید وہ بڑے فراخدل ہیں۔ وہ جا کر پھر بھی اس صف میں بیٹھ گئے۔

جناب والا! یہ تو وہی مسئلہ ہوا ہے کل جو انگریزوں کے دور میں امرتسر میں جلیانوالہ باغ میں ہوا تھا۔ اس وقت تو جنرل ڈائر تھے اب اس وقت کون ہے؟ کس نے یہ کروایا؟ میں ہرگز یہ تسلیم کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ پولیس نے اپنے ایماء پر کیا تھا۔ جس طرح سے یہ ڈھونگ رچایا گیا کہ بلوچستان کی اسمبلی موسیٰ نے توڑی۔ جب موسیٰ صاحب ٹیلی ویژن پر آئے اور اس سے بیان یہ دلوایا گیا۔ تو اس کا سانس رکتا تھا۔ اس کے منہ سے سچ نکلتا تھا لیکن وہ سچ کو دباتا تھا۔ یہی معاملہ

[ Akhunzada Behrawar Saeed ]

کل ایک ڈاکٹر کے ساتھ پیش آیا۔ ڈاکٹر کوشش کرتا تھا کہ وہ بتائے کہ بلٹس تھے لیکن وہ ۵ بجے آتے آتے اس کے گلے میں روک دیا گیا اُس نے کہا کوئی رگڑ آئی ہے۔ کبھی کہا۔ سختی سے اس کی ٹکر ہو گئی ہے۔ ڈاکٹر صاحب آپ اکیلے ڈاکٹر نہیں ہیں۔ ہم بھی اتنا کچھ جانتے ہیں criminal lawyer کی حیثیت سے کہ ایسے زخم کیسے آتے ہیں۔ جناب والا! مجھے اس پر بڑا افسوس ہوا، بڑا دُکھ ہوا کہ اسلام آباد اور پنڈی کے اس اہم شہر میں وہ ڈرامہ رچایا گیا plan کر کے، کونسا master hand اس کے پیچھے ہے۔ اور پھر میں یہ بھی کہوں گا کہ وزیر اعظم صاحبہ تشریف لے گئیں چین، وہاں وہ بیٹھی ہوئی ہیں لیکن وزراء میں سے کوئی وزیر صاحب، سوائے صاحبزادہ کے، وہاں نہیں گئے کیوں؟ کیا بات ہے؟ اس سے تو میں یہ اندازہ لگاؤں گا کہ ان کے ذمے یہ کام کیا گیا تھا کہ بیٹھو، تم یہاں کام کرو۔ میرے پاس میرے مشیر کافی ہیں۔

جنابِ والا! مجھے یہ بڑی توقع تھی کہ صبح اٹھ کر ریڈیو پر پہلے خبر آئے گی کہ اس مخلوط حکومت نے اس واقعہ کے بعد استعفیٰ دے دیا ہے یا کم از کم وزیر داخلہ صاحب مستعفی ہو گئے ہیں۔ مگر مجھے بڑا افسوس ہے۔ اس ملک میں یہ رواج نہیں ہے اور پھر عوامی دور میں تو یہ بات ہو نہیں سکتی۔ خدا خدا کر کے ان کو وزارتیں ملی ہیں۔ چھوڑیں کیسے۔ جنابِ والا! جب میں ان دوستوں کی تقاریر سنتا ہوں جب وہ اُردو بھی شاہی انگریزی میں فخر سے بولتے ہیں تب بار بار کہتے ہیں کہ ہم آئین کا احترام کرتے ہیں۔ یہ ایک مقدس امانت ہے۔ جب کہتے ہیں یہاں پر Rule of law ہونا چاہیئے جب یہاں کہتے ہیں کہ ہمیں آئین کو یہاں اس طرح سے رکھنا چاہیئے کہ ہر ایک کو یہ معلوم ہو۔ جب وہ یہ چلا چلا کر نہیں تھکتے۔ اس ملک کا ہر فرد آئین کی ہر شق کو سمجھتا ہے۔ اتنے وہ عالم ہیں اتنے وہ فاضل ہیں۔ اگر نہیں ہیں تو کوشش کرتے ہیں کہ عوام کو بتائیں کہ وہ بڑے عالم فاضل ہیں۔ پھر میں یہ کہوں گا کہ اقبال نے تو صحیح

کہا تھا۔ گو کہ بعض دوست ناراض ہوتے ہیں

یہ علم یہ حکمت یہ تدبر یہ حکومت

پیتے ہیں لہو اپنا دیتے ہیں تعلیم مساوات

جناب والا! میں ان جماعتوں یا ان گروپوں سے جو اس مخلوط حکومت میں شامل ہیں ان سے درخواست کروں گا کہ وہ اس سے الگ ہو جائیں۔ ویسے تو وہ نظرانداز شدہ ہیں۔ ٹی وی ریڈیو، اخبار سب جگہ یہی ہے کہ پیپلز پارٹی کی حکومت ہے ان کا تو کوئی نام ہی نہیں لینا۔ اگر اس میں شریک نہیں ہو سکتے تو بھی میں ان کو بتانا چاہتا ہوں کہ خدا کے حکم کے مطابق قرآن کے مطابق اس سازش میں وہ برابر کے شریک ہیں۔ وہ کہیں جا نہیں سکتے۔ انکی گلوخلاصی نہیں ہو سکتی۔ یہی موقع ہے۔ بسم اللہ کریں اور اس اختلاط سے دستبردار ہو جائیں۔ ورنہ تعزیرات پاکستان کا ۳۴ سیکشن تو ان کے لئے ہے۔ جہاں بھی وہ بیٹھے ہوں۔ جس طرح بیٹھے ہوں۔ ان کی مشترکہ ذمہ داری ہے آئین کے تحت ساری کیبنٹ کی مشترکہ ذمہ داری ہے وہ اس ذمہ داری سے باہر نہیں نکل سکتے۔ جناب والا! کل رات کو بھی ایک وزیر صاحب بڑے اچھے پیرائے میں فرمایا۔ ہم ان کے دکھ میں شریک ہیں اور کسی اور نے بھی فرمایا کہ میں خون کے آنسو رو رہی ہوں۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ خون کے آنسو اور یہ دکھ۔ جب یہ سازش بن رہی تھی۔ اس وقت نہیں سوچا۔ یہ خون کے آنسو بہانا۔ یہ کسی کے غم میں شریک ہونا۔ میں پوچھتا ہوں کیا ان شہیدوں کو لا سکیں گے واپس؟ کیا کسی بیوہ کو اس کا خاوند دلا سکیں گے؟ کیا یتیموں کو ان کا باپ دلا سکیں گے؟ اس باپ کو اس کا بیٹا جو خون میں لتھڑا پڑا ہے واپس دلا سکیں گے؟ یہ تو ایک جھوٹا غلط اظہار خیال ہے۔ ان سے پوچھو۔ جن کے جگر گوشے، تم لوگوں نے گولیوں سے چھلنی کر دیئے۔ ان سے پوچھو۔ انکار نہیں کہہ سکتے ہو۔ جس جیپ میں وہ تین چار لیڈر بیٹھے ہوئے ہیں اس میں frontal attack ہو رہا ہے۔ یہ پڑی ہے اخبار دیکھ لو frontal attack ہو رہا

[Akhunzada Behrawar Saeed]

ہے ۔ کیوں frontal attack ہو رہا ہے ۔ جلوس کو disperse
کرنے کے لئے نہیں اِن کو ختم کرنے کے لئے اور یہ تو ابتدا ہے ۔ بیگم صاحبہ نے
فرمایا تھا کہ یہ تو ابتدا ہے ۔

آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا

خدا وہ دن نہ لائے اور انشاء اللہ نہیں آئے گا کہیں وہ ہٹلر والی mid night knocking شروع ہو ۔ اس طرف یہ جا رہے ہیں ۔ میں متنبہ کرتا ہوں جن حضرات نے اس ملک کے قائم کرنے کے لئے قربانیاں دی ہیں ۔ وہ ابھی تک بقید حیات ہیں ۔ وہ آپ کو ایسا کرنے نہیں دیں گے ۔

جناب والا! یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے ۔ میں اِن سے پوچھتا ہوں کہ کل اتنی پولیس فورس لا کر ایک پُر امن جلوس پہ عمداً اندھا دھند فائرنگ کروا کر انہیں کیا ملا ۔ کیا اس وقت آٹھویں ترمیم ان کے راستے میں حائل نہیں ہوئی ۔ آٹھویں ترمیم ان کے راستے میں حائل ہونی چاہیئے تھی ۔ اگر روٹی کھانے کے وقت وہ ترمیم حائل ہوتی ہے ، پانی پینے کے وقت حائل ہوتی ہے ، غسل خانے میں جاتے وقت وہ حائل ہوتی ہے تو یہاں کیوں حائل نہیں ہوئی یہ کمبخت عجیب ترمیم ہے اتنی جلدی راستے سے ہٹ جاتی ہے ، جب چاہتے ہیں لے آتے ہیں ۔

ع ان چکنی چپڑی باتوں سے مت جوگی کو پھسلا بابا

مت کیجئے بہانہ اس آٹھویں ترمیم کا ، آٹھویں ترمیم نے تمہاری کون سی چیز روکی ہوئی ہے ، کون سی رفاہ عامہ روکی ہوئی ہے ، کونسی ڈیویلپمنٹ روکی ہوئی ہے ۔ تعلیم کے میدان میں جاؤ ، تجارت میں جاؤ ، کون سا راستہ ہے جو رکا ہوا ہے سوائے اس کے کہ آپ کو وہ اختیارات حاصل نہیں ہیں جو ہٹلر کو حاصل تھے آپ کو وہ اختیارات حاصل نہیں ہیں ۔ جو ۱۹۷۳ء کے آئین میں ۱۹۷۷ء کے پہلے سے تھے ، آپ کو وہ اختیارات حاصل نہیں جو ۱۹۷۳ء سے پہلے ۱۹۷۲ء کے عبوری آئین میں تھے ، وہ اختیارات

آپ حاصل کریں گے، ہم جانتے ہیں کہ آپ کیا چاہتے ہیں، آپ کو صدر کے اختیارات سے تھوڑی غرض ہے لیکن جس چیز سے آپ کو غرض ہے وہ ہم بھی جانتے ہیں اور وہ آپ بھی جانتے ہیں اور ہم جانتے ہیں، وہ آپ کو نہیں ملے گا، انشاءاللہ ایسی کوئی چیز نہیں ہو گی۔

جناب والا! کل کے اس واقعہ سے مسلمانوں کے جذبات کا مذاق اڑایا گیا ہے، ایک کتاب اگر ایک سال پہلے لکھی گئی اور ہمارے علم میں اب لائی گئی ہے اور ایک بزرگ سیاست دان اس کو پڑھ کر اس کے خلاف پُرامن مظاہرہ کرنا ہے تو یہ اس کی کوتاہی نہیں ہے دیر آید درست آید، کیا ہوا، وہی ہوا جو کئی سال سے ہوتا آیا ہے۔ جس کو یہ گیارہ سال کہتے ہیں۔ ہم اسے ۵ سال کہتے ہیں، ان کے ساتھ کے اسی بزرگ کو جس نے ان کو جمع کیا اور جس نے ان کو ایم آر ڈی کا نام دیا، اب اس کو گولی کا نشانہ بناتے ہیں، واہ نمک حلالی ہو تو ایسی، خاطر داری ہو تو ایسی، عزت افزائی ہو تو ایسی، مبارکباد کے مستحق ہیں یہ عوامی حکومت والے۔

جناب چیئرمین: آپ کے تین منٹ رہ گئے ہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: جناب آپ چاہتے ہیں کہ

؎ میری دنیا لُٹ رہی ہو اور میں دیکھا کروں

جی ہاں پاکستان میری دنیا ہے، پاکستان میری عزت ہے، پاکستان میری آن ہے، پاکستان میری پہچان ہے اس سے بڑی میرے لئے اور کوئی دنیا نہیں ہے اگر وزیر صاحب کے لئے ہے تو اُس دنیا میں چلے جائیں میں یہاں مروں گا اور یہاں دفن ہوں گا۔ یہ میں نے حاصل کیا، آپ نے حاصل نہیں کیا اس پر میں نے خون بہایا ہے۔ اس پر میں نے سب کچھ قربان کیا ہے، یہ میرے لئے ٹھکانہ نہیں ہے، میں اس پر فخر کرتا ہوں۔ میرے ایک دوست نے کہا کہ مجھے خوشی ہوتی ہے، ان کو بھی خوشی ہوئی ہے مگر ان کو کسی اور پیرائے میں، خوشی مجھے بھی ہوتی کل کے واقعے سے کیسے لیکن اندوہ اور غم کے ساتھ ویسے

[ Akhunzada Behrawar Saeed ]

اب لوگوں کی ان عوام کی جن کا نام لے لے کر یہ تھکتے نہیں ہیں آنکھیں کھل جانی چاہئیں کہ یہ وہی لوگ ہیں وہی چہرے ہیں وہی ہاتھ ہیں وہی زبان ہے اور وہی ان کی خواہشات ہیں جو ۱۹۷۱ء سے شروع ہو کر ۴ر جولائی ۱۹۷۷ء کو ختم ہوئی تھیں۔

یہی شیخ حرم ہے جو چرا کر بیچ کھاتا ہے

گلیم بوذر و دلق اویس و چادر زہرا

عوام، عوام، خدا کے لئے اب اس عوام کا نام اور نہ لیجئے، اس نام کا آپ نے اتنا استعمال کیا کہ وہ لفظ بھی تنگ آ گیا، سامنے آئیے نقاب اتاریں چہرے سے۔ آپ کیا چاہتے ہیں، یہی چاہتے ہیں کہ ایک کلمہ گو جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عزت پر جان نچھاور کرتا ہے اور آپ کہتے ہیں آیئے اور پھر اس کو چیلنج کرتے ہیں، زندہ باد! اسلامی حکومت کے سربراہ حکومت زندہ باد! مارو، ان کو مارو جنہوں نے آپ کے اوپر اعتماد کیا، مارو ان عوام کو جنہوں نے آپ کو ووٹ دیا، ان کو قتل کرو اور خون پیئو ان کا جو آپ کا ساتھ دے رہے ہیں۔ یہی ہے طریقہ آمریت کا، ہر ایک سانپ اپنے چھوٹے چھوٹے سانپوں کو کھا کر اژدہا بن جاتا ہے یہی طریقہ ہے، بن جاؤ اژدہا، لیکن ذرا یاد رکھئے تاریخ کو، گلہ نہ کیجئے، کل ایک دوست نے کہا تھا۔ پھر یہ تاریخ کو بھول جاتے ہیں۔ لیکن ہم کیسے بھول سکتے ہیں۔ ہماری تاریخ درخشاں ہے ہم اس پر فخر کرتے ہیں بھولیں وہ جو نہیں دیکھتے کہ یہ خواجہ رفیق کا قتل ہے۔ یہ اس کا قتل ہے یہ وہاں کا قتل ہے یہ لیاقت باغ کا قتل عام ہے وہ بھول جائے ہم نہیں بھول سکتے۔ حضور والا! میں آپ سے بڑے ادب سے عرض کروں گا کہ میں زیادہ وقت نہیں لوں گا۔ لیکن کم از کم شاد محمد خان کا وقت تو بچ گیا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: میرے خیال میں بہت سارے لوگ اظہار خیال کرنا چاہتے ہیں آپ کو پندرہ منٹ سے زیادہ وقت مل گیا ہے تو آپ وائنڈ اپ کریں۔

اخونزادہ بہرہ ورسعید: میں آپ کے حکم کے مطابق تقریر ختم کر دیتا ہوں گو کہ میرا جی چاہتا ہے کہ میں اور بھی بہت کچھ کہوں لیکن آپ منع کرتے ہیں اور میرے ایک دوست خان بہادر صاحب بار بار دیکھتے ہیں۔ ناراض ہوتے ہیں تو جناب میں یہ کہوں گا کہ یہ خون کا بہانا، آنسو کا بہانا، یہ ہمدردی کا اظہار دکھاوے کا ہے۔

جناب چیئرمین: شکریہ: مولانا سمیع الحق۔

مولانا سمیع الحق: میں نے اپنی گزارش کا آغاز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد سے کیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم کھا کر کہا کہ تم میں سے ہرگز کوئی مسلمان نہیں ہو سکتا ہے جب تک میں اسے اپنی جان سے اپنے ماں باپ سے اور اپنی اولاد سے بھی بڑھ کر محبوب نہ ہوں۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں گستاخی یہ پوری امت کا اجتماعی عقیدہ ہے ہر دور میں اس مسئلہ پر امت کے تمام مکاتب فکر متفق رہے ہیں اور ہیں کہ یہ ایسا گناہ ہے شرک کی طرح جو ہرگز معاف نہیں کیا جا سکتا اس کو اصطلاح میں شاتم رسول کہتے ہیں اور شاتم رسول کی سزا چار و ناچار ہر حالت میں قتل ہے، اس پر ۱۴ سو برس سے شیعہ، سنی تمام مکاتب فکر متفق ہیں یہ اجتماعی عقیدہ ہے اس سلسلے میں اصل خیانت یہودی لابی اور عیسائی لابی کی ہے جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی عظمت اور شان کو مشکوک بنانے کے لئے مستقل ایک سلسلہ شروع کئے ہوئے ہے کہ کس طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر نکتہ چینی کی جائے کیوں کہ کافروں کو بھی چیلنج دے کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور اللہ تعالیٰ نے قرآن میں کفار مکہ کو بھی فرمایا کہ کیا تم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی میں کوئی بات نکال سکتے ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنی صداقت کے لئے اپنی زندگی دشمنوں کے سامنے پیش کی تھی کہ میں تو ساری زندگی تم میں گزار چکا ہوں، کیا تم نے کوئی قابل اعتراض بات پائی ہے تو انہوں نے تحقیق اور ریسرچ کی آڑ میں ایک پورا شعبہ قائم کیا یہودیوں اور عیسائیوں نے تحقیق اور ریسرچ کی آڑ میں اپنے کچھ خرافات اس میں ڈال دیئے اور یہ استشراق کا فتنہ ہے، استشراق کا فتنہ ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات

[Maulana Samiul Haq]

کو نشانہ اعتراضات بنانے کے لئے قائم کیا گیا ہے یہ بڑے بڑے ملعون جو آپ کو سکالر اور محقق لگتے ہیں یہ مارگولیط، یہ گولڈ تسہیر یہ شاخط اور یہ بڑے بڑے سکالر جو آپ کو نظر آتے ہیں۔ اور آپ سر دھن کر انکی کتابیں پڑھتے ہیں ان کا مقصد اور مشن یہ ہے کہ ازواج مطہرات کے بارے میں، صحابہ کرام کے بارے میں حضورؐ کی شان کے بارے میں زہر پھیلایا جائے۔ پھر ان کی چال یہ ہے کہ مختلف وقفوں سے کوئی ایسی کتاب یا کوئی ایسی چیز جان بوجھ کر اور سازش سے مسلمانوں کے سامنے لائی جاتی ہے یہ انفرادی سوچ نہیں ہوتی بلکہ ان کا ایک اجتماعی بیرومیٹر ہے اور وہ اس طرح وقفے وقفے سے یہ معلوم کرنا چاہتے ہیں کہ مسلمانوں میں کچھ جان رہی ہے یا نہیں یا بالکل لاش بن کر رہ گئے ہیں ان میں کچھ حمیت ملی اور غیرت ایمانی باقی ہے یا نہیں وہ ہم پہ چرکے لگاتے ہیں۔ بدقسمتی سے ہم زور بازو سے ان کا دفاع نہیں کر سکتے اور یہ تو بدقسمتی نہیں خوش قسمتی ہے کہ مسلمان اور اسلام کی عظمت ہے کہ مسلمان جوابی کارروائی نہیں کر سکتا۔ چونکہ مسلمانوں کے نزدیک سارے مذاہب کے مقتدر رہنما اور پیغمبر واجب الاحترام ہیں۔ ہم گالی کا جواب گالی سے بھی نہیں دے سکتے اور بدقسمتی سے اتنی قوت اور ملی غیرت نہیں ہے کہ ہماری حکومتیں اٹھ کر ایک دفعہ اس مسئلے کا سدباب کریں تو پھر چاروناچار مسلمان گلیوں کوچوں میں نکلتے ہیں اور اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہیں اور یہ عین فطرت ہے اور عین ایمان کی وجہ سے ہوتا ہے اب جب بھی مسلمانوں کے سامنے یہ بات آئے گی وہ خواجۂ یثرب کی ناموس پہ کٹ مرنے کے لئے باہر نکلیں گے۔ ظفر علی خان نے صحیح کہا ہے کہ

نہ جب تک کٹ مروں میں خواجۂ یثرب کی عزت پہ
خدا شاہد ہے کامل میرا ایمان ہو نہیں سکتا

میں نے رات ہسپتال میں شہیدوں کو ٹٹول ٹٹول کر دیکھا ان کے جسموں سے چادر اٹھا کر دیکھا تو میں حیران رہ گیا کہ کسی شہید کی پشت پہ گولی نہیں لگی شہیدوں کے سینے پہ گولی لگی ہے سامنے رانوں پہ گولی لگی ہے میں سوچتا ہوں کہ وہ غیرت ایمانی سے پیٹھ پھیر کر

بھاگنا بھی نہیں چاہتے تھے انہوں نے دیکھا کہ گولی سامنے آ رہی ہے تو ناموس رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر قربان ہونے کے لئے سامنے کھڑے رہے۔ اور کتنے بدبخت تھے وہ ہاتھ جن کے ہاتھوں میں بندوق تھی اور ناموس رسول پر مر مٹنے والے کالجوں اور مدرسوں اور سکولوں کے حسین نوجوانوں کو سامنے سے نشانہ بناتے رہے کیا ان کے دلوں میں انسان کا دل نہیں تھا یا یہ کوئی یہودی، عیسائی یا ہندو پولیس تھی جس میں ایمان کی رتی نہیں تھی لوگ بغاوت کرنے تو نہیں آئے تھے وہ کچھ سیاسی مقاصد لے کر نہیں آئے تھے وہ تو ناموس رسالت اور شمع رسالت کے پروانے بن کر اس شمع پر قربان ہونا چاہتے تھے۔ میں سمجھتا ہوں کہ انسانی خون کو اتنا بے قدر و قیمت سمجھنا اس حکومت کا ہمیشہ سے شعار رہا ہے۔ ہر دور میں مظاہرے ہوتے ہیں مسائل پیدا ہوتے ہیں بحران پیدا ہوتے ہیں لیکن اتنی آسانی سے کسی حکومت نے کبھی اپنے شہریوں کا خون نہیں بہایا۔ اسی اسلام آباد میں امریکی سفارتخانہ جلایا گیا لیکن کسی کے جسم پر خراش تک نہیں آئی ۔ اسی اسلام آباد میں ذرا سی بات ہوئی کہ لوگ امریکی سنٹر جا رہے تھے وہ سفارت خانہ بھی نہیں تھا اور اگر مسلمان اس کو تہس نہس بھی کرنا چاہتے تھے تو پاکستان کو کیا تکلیف تھی۔ میں سمجھتا ہوں کہ ایک عمارت تھی۔ مٹی گارے کا ایک گھر تھا اور اس کو انہوں نے تہس نہس بھی کر دیا ہوتا تو ان کے ایمانی جذبات ٹھنڈے ہو جاتے ان کے جذبات کا اظہار ہو جاتا۔ امریکی کتوں کو سنٹر سے پہلے نکال دیا جاتا کیونکہ ان کی حفاظت بڑی ضروری تھی ملازمین کو نکال دیا جاتا۔ دس پندرہ لاکھ بیس لاکھ کی ایک عمارت تہس نہس بھی ہو جاتی تو پاکستان کا اسلامی تشخص دنیا میں اور ابھر جاتا یہ کوئی خانہ کعبہ تو نہیں تھا کہ خانہ کعبہ کو نعوذ باللہ کوئی مٹانے کی کوشش کر رہا تھا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ کو مخاطب کر کے کہا اے خانہ کعبہ تو بڑا مقدس ہے تو بڑا محترم ہے تو بڑا عزت والا ہے تو بڑا برکت والا ہے لیکن ایک مسلمان کا خون تجھ سے ہزار درجے بہتر ہے۔ یہ حدیث ہے۔ یہاں تو ایک ملعون عمارت کی خاطر مسلمانوں کا خون

[ Maulana Samiul Haq ]

بہایا گیا۔ اللہ نے فرمایا آسمانوں کو، زمین کو، اور عرش کو تباہ کرنا ڈانامیٹ کرنا ایک انسان
کے قتل سے کم تر فعل ہے۔ انسان اور مسلمانوں کا خون اتنا مقدس ہے۔ اتنا محترم ہے اور
حضور نے خانہ کعبہ کو مخاطب کر کے فرمایا۔ اے خانہ کعبہ! تو کس شان والا ہے تو کس عظمت
والا ہے لیکن ایک مسلمان کا خون نہیں بلکہ ایک دل کا خون یعنی دل کا توڑنا اللہ تعالیٰ
کی نگاہ میں تیرے توڑنے سے زیادہ وقیع ہے۔ یہاں تو خونی جمہوریت آگئی ہے
بڑی آسانی سے توپوں کے دہانے کھول دیئے جاتے ہیں یہ خونی جمہوریت وہ کالی
دیوی بن گئی ہے جس کے قدموں میں وہ بلیدان کرتے ہیں وہ کالی دیوی جو بدقسمتی سے
سفید دیوی کی شکل میں ہے اس کے قدموں پہ اس طرح خون بہانا ہوگا۔ آگے بڑے
بڑے مسائل اٹھنے والے ہیں مظاہرے ہوں گے لوگ جذبات کا اظہار کریں گے۔ عوام
کے کاندھوں پر بندوق رکھ کر آپ آجاتے ہیں اور پھر اسی بندوق سے آپ ان کو بھون
ڈالتے ہیں یہ پورس کے ہاتھی ہیں ذرا سی مشکل پڑ جاتی ہے تو اپنے ہی قدموں پر سے
واپس بھاگتے ہیں اور بیچارے عوام کو روند ڈالتے ہیں۔ ہم امریکہ کے غلام تو نہیں ہیں
ایسے لگتا ہے کل یہاں امریکہ کی حکومت تھی۔ خود امریکہ میں لوگ مظاہرے کرتے ہیں ہزاروں
لاکھوں کی املاک کا نقصان ہوتا ہے۔ وہاں امریکہ نے بھی اپنے تحفظ کے لئے اتنی آسانی
سے خون نہیں بہایا ہوگا۔ ہم شاہ سے بھی زیادہ اس کے وفادار ہونے کا ثبوت دیتے رہے
ہیں۔ شاہ بیچارہ بھی خفا ہوگا وہ آقائے ولی نعمت، سفید فام آقا بھی خفا ہوگا کہ یہ
ان کے ہاں انسانی حقوق ہیں لیکن ہم نے شاہ سے وفاداری کا ثبوت دینا تھا ہمارے اپنے
عوام رسول اللہؐ کی ناموس پر مر مٹنے والے ہمارے لئے گاجر مولی ہیں اتنی قربانی دی
ہم نے اے آقائے ولی نعمت تجھ کو خوش کرنے کے لئے۔ تیرے اینٹ گارے کے
تحفظ کے لئے اپنے مسلمان بچوں کو قتل کیا زخمی کیا۔ عورتوں کو بیوہ کر دیا، بچوں کو یتیم
کر دیا، باپوں کو اولاد کے غم میں تڑپایا۔ اگر آپ کو ان کی حفاظت اتنی مقدس تھی تو
پرسوں رات ٹی وی پر یہ پروگرام کیوں دکھایا گیا۔ ٹی وی پہ مکمل پروگرام نشر کیا گیا کہ

ایسا مظاہرہ ہوگا۔ فلاں فلاں مقامات سے فلاں فلاں راستوں سے جلوس آئیں گے۔ ٹی وی کے ذریعے مسلمانوں کو برانگیختہ کیا گیا۔ دعوت دی گئی کل آکر اس مظاہرے میں شرکت کرو۔ ٹی وی سے خبر پڑھ کر سارے لوگ آ گئے۔ آپ نے چور کو کہا کہ نقب لگاؤ اور چوکیدار کو کہا کہ گولی مار دو۔ یہ پشتو کا محاورہ ہے کہ چور کو کہتے ہیں کہ نقب لگاؤ اور چوکیدار کو کہتے ہیں کہ جب وہ نقب لگائے تو تم بندوق سے اس کو مار دو۔

اس کالی دیوی کے قدموں پر بلیدان کی یہ رسم بند ہونی چاہیئے اتنی آسانی سے مسلمانوں کو قتل نہیں کرنا چاہیئے۔ جب یہ واقعہ ہو گیا ہے تو اعلیٰ سطح پر اس کا تدارک ہونا چاہیئے صرف ہرجانہ دینے سے بات نہیں بنے گی آج پورے ملک میں اشتعال پھیلا ہوا ہے کروڑوں مسلمانوں کے جذبات مجروح ہوئے ہیں لوگ رنجیدہ ہوئے ہیں ایک غازی علم الدین نے حضورؐ کی ناموس پہ جان دی اس پر بھی انگریز نے تین چار سال تک مقدمہ چلا کر عدالتوں سے فیصلہ کروا کر جب مزید گنجائش نہ رہی تو کئی سال بعد اسے پھانسی دی گئی یہ تو سب غازی علم الدین کی اولاد تھی یہاں تو ہر شہری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے غازی علم الدین ہے اتنی آسانی سے انگریز نے بھی ان کو پھانسی پہ نہیں لٹکایا تھا کہ آپ نے ان کو بھون ڈالا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کتاب پر صرف پابندی کافی نہیں ہے آپ ان ممالک سے برطانیہ اور امریکہ سے سفارتی تعلقات منقطع کر دیں۔ دباؤ ڈالیں آپ کہیں کہ یہ کیسی بات ہے ٹھیک ہے وہ خالق ہیں رازق ہیں مالک ہیں ہمارے اور ذرا قطع تعلق ہو گیا تو رزق کہاں سے آئے گا لیکن حضورؐ کی ناموس پہ آپ سٹینڈ لیں پورا عالم اسلام آپ کی پشت پہ کھڑا ہوگا اور آپ پہ رحمتوں اور برکتوں کے خزانے برسیں گے آپ دیکھیں تو سہی آپ ان کو سمجھائیں کہ ہمارا بھی کوئی عقیدہ ہے ہمارا بھی مذہب ہے آپ حضرت عیسیٰ کی ناموس پہ کوئی غیرت نہیں کھا سکتے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے لئے نہیں اٹھ سکتے لیکن مسلمان حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور موسیٰ علیہ السلام کے

[Maulana Samiul Haq]

بارے میں ایک ہی طرح کے تقدس کے جذبات رکھتے ہیں اور سب کچھ قربان کرتے ہیں یہ عالمگیر آفاقی مذہب ہے اس کے مقابلے میں کوئی مذہب بھی نہیں ہے آپ ان کو مجسمہ رکریں ان کے ناشر جو کتابیں چھپوا چکے ہیں ان کی تمام مطبوعات پہ پابندی لگائی جائے صرف ایک کتاب پہ نہیں ۔ پورے عالم اسلام سے اپیل کی جائے ان ناشروں کی مطبوعات کا مکمل طور پہ اقتصادی بائیکاٹ کیا جائے ۔ کسی طرح سے بھی ہو پاکستان مطالبہ کرے کہ اس ملزم کو پاکستان کے حوالے کیا جائے اور یہاں اس کو سزا دی جائے ۔

کل کے واقعہ میں جو لوگ ملوث ہیں جو اس کے مرتکب ہیں ان کو فوری طور پر معطل کیا جائے ۔ تحقیقات جب تک ہوتی ہے ہوتی رہے کم از کم یہ اقدام تو آج سے ضروری ہے ۔ میں ان خیالات کے اظہار کے ساتھ اس تحریک التوا کی مکمل تائید کرتا ہوں اور میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان مرحومین کو شہدا کا بہترین مقام عطا فرمائے اور ان کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے ، ان کے بچوں کا ، یتیموں کا کارساز و کفیل بنے ۔ ہماری ہمدردیاں سینیٹ کی ہمدردیاں ان تمام لواحقین کے ساتھ ہیں ۔

جناب چیئرمین : جناب قاضی حسین احمد صاحب ۔

قاضی حسین احمد : الحمد للہ رب العالمین ، والصلوٰۃ والسلام علی سید الانبیاء و المرسلین ، جناب چیئرمین ! ایک مسلمان کے لئے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ محبوب ذات اور کسی کی نہیں ہے ۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے روضہ اقدس کے بارے میں ایک فارسی شاعر نے فرمایا ہے ۔

ادب گاہیست زیر آسماں از عرش نازک تر
نفس گم کردہ مے آید جنید و بایزید اینجا

عرش سے زیادہ نازک ادب کی یہ جگہ ہے ، رسول اللہ صلی اللہ و الہ وسلم کی محبت ، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا عشق ہر مسلمان کے دل میں بسا ہوا ہے اور ہر مسلمان

کا دل اس سے آراستہ و پیراستہ ہے۔ ہمارے ایک اردو شاعر نے کہا کہ

ہم جس میں جی رہے ہیں وہ دنیا تمہی تو ہو

یہ ہماری دنیا ہیں، اور ہماری تمام محبتوں کا مرکز اور محور ہیں، رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت نے، ان کے عشق نے، مسلمانوں کو آپس میں متحد کر رکھا ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ، شیعہ سنی اختلافات ختم ہو جاتے ہیں ان کی محبت کی بات جب آتی ہے، بریلوی، دیوبندی، اختلاف ختم ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ جب رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کا ذکر ہوتا ہے،

مسلمان اور ایک فاسق اور فاجر اور گنہگار مسلمان آپس میں مل جاتے ہیں یہ کتاب جس نے لکھی ہے، میں نہیں سمجھتا کہ وہ کوئی مسلمان ہے۔ کیونکہ مسلمان کوئی اسم ذات نہیں ہے بلکہ مسلمان اسم صفت ہے۔ جو خاص عقائد رکھتا ہے جو توحید پر عقیدہ رکھتا ہے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ختم نبوت پر ایمان رکھتا ہے جو آخرت پر عقیدہ رکھتا ہے وہ مسلمان ہے اور یہ شخص جس نے یہ کتاب لکھی ہے قطعاً یہ عقائد نہیں رکھتا۔ اس طرح کے لوگوں کو مسلمانوں کے نام والے لوگوں کو، بین الاقوامی یہودی لابی استعمال کرتی ہے۔ بین الاقوامی یہودی لابی کی سازش یہ ہے کہ جس رشتہ میں مسلمان آپس میں بندھے ہوئے ہیں، اس رشتۂ محبت کو ختم کر دیا جائے اور اس شمع کے اندر کوئی خرابی ڈالنے کی کوشش کی جائے جس کے یہ سارے پروانے ہیں اور جس کے چاروں طرف یہ لوگ جمع ہیں۔ اس کتاب میں بھی یہی کوشش کی گئی ہے جس کے خلاف غم و غصہ، ایک فطری بات ہے۔ یہ خبر جس جس طرح اور جیسے جیسے لوگوں تک پہنچتی جائے گی، اس طریقے سے یہ اشتعال بڑھتا جائے گا اگر یہاں کے بزرگ سیاست والوں کو آج سے دس دن پہلے خبر ملی ہے اور انہوں نے یہ اہتمام کیا ہے تو عوام تک بھی یہ بات پہنچے گی اور جب یہ خبر پہنچے گی تو عوام کا مشتعل ہونا فطری بات ہے۔ عوام کے اس اشتعال کو سمجھنا چاہیئے۔

جناب چیئرمین! ہماری بدقسمتی یہ ہے کہ ہمارے حکمران وہ لوگ ہیں جو عوام

[ Qazi Hussain Ahmed ]

کے ان مذہبی احساسات سے بے خبر ہیں یہ اس تہذیب سے alien ہیں اجنبی ہیں ۔ یہ وہ لوگ ہیں ، جو کہتے ہیں کہ ہم Modernism کے نام پر میوزک ۸۹ء کی ٹائپ کے جو پروگرام ہیں وہ لوگوں کو دیں گے کیونکہ یہ ماڈرن زمانہ ہے اس جدید زمانے کے لوگ بھی بے خبر ہیں اور یہ حکومت کرنے والے لوگ اسی ٹائپ کے لوگ ہیں ، یہ بالکل ہمارے احساسات ، ہمارے عوام کے احساسات سے اجنبی ہیں ۔ ان کو یہ معلوم نہیں تھا کہ یہ جو قافلہ ہے ، جو جلوس ہے یہ سیاسی جلوس نہیں ہے ، میں عرض کرتا ہوں کہ یہ کوئی سیاستدانوں کا جلوس نہیں تھا ۔ سیاسی جماعتوں کا جلوس نہیں تھا ، اس میں عام مذہبی طبقہ ، تمام سیاسی جماعتوں سے ، تمام طبقاتی تفریق سے بالاتر ہو کر ، جس کے دل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت تھی ، چھوٹے بچے معصوم سب شامل تھے ، قتل ہونے والوں میں ایک چودہ سالہ چھوٹا بچہ شامل ہے ، شہداء میں یہ شامل ہے ۔ یہ عام بچے یہاں چل رہے تھے اور چشم دید گواہوں کا یہ کہنا ہے کہ یہ بالکل پُرامن تھا جو اس کے سامنے اخبار "مرکز" کا دفتر ہے ، اس نے کہا ہے کہ یہ بالکل پُرامن جلوس تھا ، اس میں جو بھی اشتعال پیدا ہوا ہے ، وہ فائرنگ کے بعد پیدا ہوا ہے ۔ فائرنگ سے پہلے اس میں کوئی اشتعال پیدا نہیں ہوا ۔ جناب والا ! اسلام آباد میں یہ کوئی پہلا جلوس نہیں تھا ۔ اس سے قبل خانہ کعبہ کے اس افسوسناک واقعہ کے ردعمل میں جو جلوس نکالا تھا ، اس نے امریکن ایمبیسی کو جلا ڈالا تھا ۔ لیکن اس وقت کے حکمرانوں کو یہ احساس تھا ، کہ یہ کن لوگوں کا جلوس ہے ان پر گولی چلانے کا نتیجہ کیا ہوگا ۔ اور ہم کن لوگوں کے ساتھ ٹکر لیں گے ۔ اس لئے انہوں نے اس سے احتراز کیا ۔ ایک عمارت تھی وہ جل گئی ۔ اس کی حکومت نے compensation دے دی اور اس کے بدلے میں دوسرا سفارت خانہ بھی تعمیر کر دیا لیکن انہوں نے اس واقعہ کو ایک بدنما صورت دینے سے احتراز کیا ۔ اس وقت کوئی اشتعال نہیں تھا ۔ کسی نے کسی عمارت پر حملہ نہیں کیا تھا ، یہ سارا اشتعال ان کی فائرنگ کے بعد پیدا ہوا ہے

اور جب ایک ذمہ دار افسر سے مظاہرین میں شامل ایک آدمی نے پوچھا کہ یہ تم نے کیا کر دیا، لوگوں کے سینوں پر گولیاں چلائی ہیں، لوگوں کے سینوں پر جناب والا! زخموں کے نشانات ہیں۔ عموماً اس طرح کے واقعات میں ہوائی فائرنگ پہلے کی جاتی ہے ہوائی فائرنگ بھی نہیں ہوئی۔ لوگوں کی ٹانگوں پہ بھی نشانہ نہیں لگایا گیا کسی قسم کی بھی کارروائی لوگوں کو متنبہ کرنے کے لئے نہیں کی گئی۔ باقاعدہ لوگوں کو نشانہ بنایا گیا ہے اور ایک اخباری رپورٹ کے مطابق ایک آدمی کو جھنڈا اتارتے ہوئے نشانہ بنایا گیا۔ اب جھنڈا اتارنے والا تو چھت پر کھڑا ہے۔ وہ تو اوپر ہے، اس کو نشانہ بنانے کا مطلب یہ ہے کہ امریکن فلیگ کی قیمت ایک انسان، ایک مسلمان پاکستانی کی زندگی سے زیادہ ہے ان لوگوں کے خلاف امریکن فلیگ کی وجہ سے یہ ساری کارروائی عمل میں آئی ہے۔ امریکہ کے زیر اثر یہ ساری کارروائی کی گئی ہے۔ جو بھی اشتعال تھا، اس میں امریکن سنٹر کا جو ہدف بننا ہے، اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ اس کتاب کی ایک پبلشنگ کمپنی "وائی کنگ" امریکہ کی ہے۔ انہوں نے بالکل صاف انکار کر دیا ہے کہ ہم ان پر کوئی پابندی نہیں لگا سکتے۔

دوسری بات یہ ہے کہ امریکی یہودی لابی کے ساتھ یہ bracketed ہے۔ امریکہ کی طرف سے ہمارے پاس جو اس کا سرپرست آتا ہے، وہ سٹیفن سولارز ہے۔ جس کو انہوں نے جنوبی ایشیا اور مشرق بعید کی اپنی کمیٹی کا چیئرمین بنایا ہے، وہ ہمارے وزیراعظم کا مشیر خاص ہے۔

[+ + + + +]

قاضی حسین احمد: اس لفظ کے معنی قریبی دوست کے ہیں۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے لیکن وہ لفظ غلط انٹرپریٹ ہو سکتا ہے۔

قاضی حسین احمد: اچھا ٹھیک ہے، وہ اس کا قریبی دوست ہے، اس لفظ سے تو کسی کو کوئی اعتراض نہیں ہے۔

---

+ یہ الفاظ بحکم چیئرمین حذف کئے گئے

جناب چیئرمین: یہ ٹھیک ہے۔

قاضی حسین احمد: اس کا قریبی دوست ہے، یہودی لابی کا یہ شخص کانگریس میں، جس کو امریکہ میں بھی Congressman from Tel Avi کہتے ہیں۔ وہ اس کا قریبی دوست ہے اور اس نے خود مضمون لکھا ہے کہ کئی نشستوں میں، گھنٹوں تک میری اس کے ساتھ باتیں ہوئی ہیں جس کی وجہ سے میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ وہ یہ یہ نظریات رکھتی ہے۔ اس لئے Jewish lobby کے خلاف جو لوگ۔ یہاں پر احساسات رکھتے ہیں وہ بالکل فطری ہیں اور Jewish lobby کے ساتھ امریکہ بھی bracketed ہے Jewish Lobby کے ساتھ ہماری موجودہ پیپلز پارٹی کی حکومت بھی bracketed ہے Jewish lobby کے ساتھ ان کا خصوصی تعلق ہے۔ جنابِ والا! اسی لیے یہ نشانہ بنایا گیا ہے اور پانچ آدمیوں کو قتل کیا گیا ہے۔ سو آدمیوں کو زخمی کر دیا ہے۔ یہ میں پاکستان ٹیلی ویژن کے اعداد و شمار دے رہا ہوں یہ میں عام اعداد و شمار نہیں دے رہا۔ جنابِ والا! میں اسی لئے سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت کی بے تدبیری اور ان کی ناتجربہ کاری کا واضح ثبوت ہے اور اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ حکومت عوامی احساسات سے یکسر بے خبر اور ناآشنا ہے اور یہ بھی ثابت ہوتا ہے جنابِ والا! کہ یہ حکومت بہت زیادہ دیر تک قائم بھی نہیں رہ سکتی۔ یہ وہ حکومت ہی نہیں ہے جو مسلمان عوام کے جذبات کو جانتی ہو۔ میں یہ بھی کہتا ہوں کہ جنابِ والا! کہ اس حکومت کو غریب عوام اور غریب سپاہیوں کو آپس میں لڑانے سے احتراز کرنا چاہیئے۔ غریب پولیس والے نشانہ بنتے ہیں نفرت کا نشانہ بنتے ہیں اور غریب پولیس والوں کے ذریعے سے غریب عوام کو یہ گولی کا نشانہ بنواتے ہیں۔ نفرت کا نشانہ انشاءاللہ امریکی تہذیب کے دلدادہ لوگ بنیں گے۔ وہ لوگ بنیں گے جو یہاں میوزک ۸۹، قسم کے پروگراموں کو چلاتے

ہیں اور اس پر فخر کرتے ہیں اور یہاں پہ انشاءاللہ غریب، غریب کے ساتھ نہیں لڑے گا۔

میں ان گزارشات کے ساتھ آپ سے استدعا کروں گا کہ جو قرارداد میں نے یہاں آپ کی خدمت میں پیش کی ہے اس قرارداد کو آپ پیش کر دیں تاکہ اس کے ذریعے سے ہم اپنے احساسات بتادیں۔ پینگوئن اور وائی کنگ جو پبلشنگ کمپنیاں ہیں ان دونوں کی تمام مطبوعات کی درآمد پر یہاں پابندی لگادی جائے اور یہ حکومت تمام مسلمان ممالک سے یہ رابطہ قائم کرے کہ وہ ان دونوں پبلشنگ کمپنیوں کے خلاف معاشی دباؤ ڈالنے کے لئے اقدامات کریں۔ اگر اس طرح کے اقدامات نہ کئے گئے تو اس طرح کی کمپنیاں ہمارے محبت اور مذہبی عقیدت کے مراکز پہ مسلسل حملہ آور ہوتی رہیں گی اور یہاں پر اسی طرح ہمارے لوگوں میں ایک اضطراب ہوگا ایک پریشانی ہوگی۔ اس لئے جناب والا! میں ان الفاظ کے ساتھ یہ بھی عرض کرتا ہوں کہ جو موجودہ حکمران ان واقعات سے سبق حاصل کریں۔ اس کی براہِ راست ذمہ داری وزیر داخلہ پر عائد ہوتی ہے۔ وزیر داخلہ خود مستعفی ہو جائے اور اس کا کوئی اور شخص ذمہ دار نہیں ہے۔ اس کی براہِ راست ذمہ داری قبول کرکے وہ اپنا استعفےٰ پیش کرے اور حکومت اس واقعہ سے سبق حاصل کرکے اس عوامی احساس کا ادراک کرے اور اپنا یہ رویہ چھوڑ دے جو اس نے یہاں پر مسلسل اختیار کیا ہوا ہے اگرچہ مجھے کوئی خوش فہمی نہیں ہے کہ اس کے بارے میں وہ کوئی مدبرانہ دانستہ اختیار کرتے کی صلاحیت رکھتے ہیں لیکن پھر بھی میں ان کے سامنے یہی معروضات پیش کرتا ہوں۔ اور ان کے بارے میں علامہ اقبال کے اس مصرعہ کو زیادہ درست سمجھتا ہوں انہوں نے کہا ہے

آہ بیچاروں کے اعصاب پہ عورت ہے سوار

جناب چیئرمین: قبل اس کے کہ میں سید عباس شاہ کو اظہار خیال کی دعوت دوں۔ میں ان اراکین سے درخواست کروں گا جو محرکین میں شامل نہیں ہیں کہ جو جو صاحب اس پہ اظہار خیال کرنا چاہتے ہیں وہ اپنے نام جناب سیکرٹری صاحب کو دے دیں۔

[Mr. Chairman]

جناب سید عباس شاہ صاحب۔

سید عباس شاہ: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ آج جس موضوع پہ جس افسوس جس غم سے بات کرنا چاہتا ہوں اس کے ساتھ میرا سر پاکستانی مسلمان کی حیثیت سے فخر سے بلند ہے کیونکہ آج بھی تحفظ ناموس رسالت کے لئے ہماری قوم اور خاص کر مسلمانوں میں پاکستانی قوم اپنا خون بہانے سے پیچھے نہیں ہٹی اور نہ ہٹے گی۔ یہ آج ان secular elements کو بتانا چاہتا ہوں۔ میں آج ان elements کے سامنے یہ بات لانا چاہتا ہوں کہ یہ ملک اسلام اور لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے نام پر بنا ہے اور یہاں ہر وقت تحفظ ناموس رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے قربانی دی جائے گی۔ ہماری نوجوان نسل جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ جی یہ میوزک کی دلدادہ ہے جناب والا! یہ غلط ہے۔ عوامی حکومت یہ جو تاثر دے رہی ہے، جناب ہمارے بچے کل شہید ہوئے ہیں۔ آپ نے دیکھا ہے نوجوان بچے تھے۔ جس شوق اور جس جذبے سے وہ اپنے مذہب اپنی تعلیم اور اپنے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے نام کے تحفظ کے لئے آگے بڑھے اور یقیناً میں کبھی بھی اس چیز کو چھپانے کی بات نہیں کروں گا کہ اگر اس وقت اس جلوس کی اجازت دی گئی اگر اس جلوس کی اجازت ایسی ذمہ دار شخصیتوں کو دی گئی جو اپنے آپ کو ہماری قوم کے لیڈر گردانتے ہیں تو ہماری حکومت کو بھی چاہیئے تھا کہ وہ اپنی ذمہ داری محسوس کرتی جن جگہوں پر جلوس نے آنا تھا اور جس واقعہ کے متعلق یہ پُرامن جلوس آرہا تھا اور جو جوش و جذبہ تھا اس کو دیکھتے ہوئے اگر امریکن سینٹر یا امریکن ایکسپریس میں، یہ بھی ہمیں احساس ہے کہ امریکن ایکسپریس، میں مسلمان ملازم بیٹھے ہوئے ہیں ان کو چاہیئے تھا کہ ان کو وہاں سے نکالتے وہ بلڈنگ اگر گرائی جاتی یا اس کو تباہ کیا جاتا کوئی فرق نہیں پڑتا۔ قربانیاں دی جاتی ہیں۔ دولت کی قربانی تھی جانوں کی قربانی نہیں تھی۔ جو عوامی حکومت اپنے آپ کو کہتی ہے جو کہ انگلش سکولوں سے پڑھ کر آئے ہوئے ہیں اور صرف فکری لحاظ سے اپنے آپ کو عوامی کہتے ہیں۔ جناب والا! ان کو عوام کے احساسات جاننے چاہیئں۔

جناب وزیر داخلہ صاحب آپ کو احساس ہونا چاہیئے کہ آپ نے جو کل قتل عام کیا یہ پولیس کا قصور نہیں ہے۔ پولیس بھی غریب مسلمان ہے اور اس ملک کی پولیس ہے۔ اب آپ انکوائری کریں گے اور چند سپاہیوں کو پکڑیں گے۔ جناب حکم کس نے دیا اور جیسا کہ مولانا صاحب، قاضی حسین احمد صاحب نے کہا یہ وزیر داخلہ کی براہ راست ذمہ داری ہے جو کہ ان کو قبول کرنی چاہیئے۔ عوامی حکومت تو وہ ہوتی ہے کہ آج آپ کا استعفیٰ اس میدان میں پڑا ہوتا۔ اور آپ کہتے کہ ہماری غلطی ہے اور ہم سے غلطی ہوئی۔ یقیناً اس سے پہلے جب قرارداد پیش ہوئی تو اس حکومت نے جو عوام کے ووٹوں سے آئی ہے جواب دیا کہ ہم نے اس کتاب کو ban کیا لیکن اس کتاب کو ہندوستان میں بھی بین کیا گیا ہے جہاں پر کہا جاتا ہے کہ سیکولر گورنمنٹ ہے۔ حالانکہ ہندو گورنمنٹ ہے۔ انہوں نے بھی اس کتاب کو ban کیا۔ کون سا بڑا کارنامہ کیا آپ نے۔ مانتے تو ہم تب آپ کو جب آپ کل پرسوں اعلان کر دیتے کہ وائی کنگ اور پنگوئن کی کوئی کتاب پاکستان میں نہیں بک سکے گی۔ آج ہماری کوئی کمزوری نہیں ہے کہ ہم کسی کمپنی کی کتابیں خریدنے پر مجبور ہوں۔ آپ کو چاہیئے تھا کہ پہلے سے یہ اقدام کر لیتے۔ اگر آپ اپنے آپ کو عوامی حکومت کہتے ہیں تو آگے بڑھتے اور کہتے کہ اس جلوس میں ہم بھی شامل ہوتے ہیں۔ جنابِ والا! آج اس واقعہ پر جمہوریت کا نام لینے والوں کو شرم محسوس ہوتی ہے۔ کیا اس کو آپ جمہوریت کہتے ہیں۔

جنابِ والا! ہمارے ایک معزز ممبر جو کہ وزیر انصاف بھی ہیں وہ کل کہہ رہے تھے کہ جی گیارہ سال میں جو کچھ ہوا... جنابِ والا! آٹھ سال مارشل لاء تھا اور تین سال اللہ کے فضل سے مسلم لیگ کی حکومت تھی۔ کبھی بھی آپ ثابت نہیں کر سکتے کہ ایسا واقعہ قوم کے ساتھ مسلم لیگ کی حکومت میں پیش آیا ہو۔ جنابِ والا! اس ملک میں جمہوریت دوبارہ لانے کی جرأت مسلم لیگ نے کی ہے اور آمریت سے جمہوریت مسلم لیگ لائی ہے۔ اور ثابت کر دیا ہے کہ جمہوریت اس ملک میں صرف مسلم لیگ لا سکتی ہے۔ آئی جے آئی کا

[Syed Faseih Iqbal]

جنرل سیکرٹری ہسپتالوں میں دوڑتا رہا آپ کی حکومت کا کوئی آدمی وہاں موجود نہیں تھا لاشوں کو پہنچانے کے لئے ہمارا مولانا سمیع الحق پاگلوں کی طرح دوڑ رہا تھا ۔ جناب والا! عوامی حکومت بنانے کے لئے آپ کو عوامی ہونا چاہیئے اور اس ملک میں قومی حکومت تب ہی قائم ہو سکتی ہے کہ جب آپ کو عوام کا احساس ہو عوام کی تکالیف کا احساس ہو عوام کے قتل کا احساس ہو، عوام کے خون کی قیمت آپ کو معلوم ہونی چاہیئے ۔

• جناب والا! میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں اور تحریک پیش کرتا ہوں کہ دونوں کمپنیاں جو پینگوئن اور وائی کنگ کے نام سے ہیں ان کی ساری مطبوعات اس ملک میں بند کی جائیں تاکہ ہم ان پر فنانشل پریشر ڈال سکیں اور وزیر داخلہ کو چاہیئے کہ وہ استعفیٰ دے دے کیوں کہ ہم چاہتے ہیں کہ جمہوریت اس ملک میں چلے ہم کسی طور پر آپ کی حکومت کو یہ نہیں کہتے کہ مستعفی ہو جائے لیکن کم از کم وزیر داخلہ صاحب کو چاہیئے کہ وہ یہ منصب کسی ایسے شخص کو دیں جس کو قوم کے اور عوام کے خون کی قیمت معلوم ہو، شکریہ!

جناب چیئرمین: ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی ۔

ڈاکٹر نور جہاں پانیزئی: بسم اللہ الرحمان الرحیم ، شکریہ! جناب چیئرمین صاحب، سمجھ نہیں آتی کہ میں اس واقعے کو کیسے اور کہاں سے شروع کروں ۔ جناب والا! سلمان رشدی کی کتاب "شیطانی آیات" کے خلاف کل اسلام آباد میں ایک جلوس نکالا گیا ۔ مسلمان جن کا ایمان دین اور دنیا سب حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے تعین کئے ہوئے راستے پر گامزن ہونے پر منحصر ہے کوئی بھی مسلمان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں کوئی گستاخی برداشت نہیں کر سکتا ، وہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنی جانیں قربان کرنے سے بھی کبھی گریز نہیں کریں گے اور سمجھ نہیں آتی کہ عشق رسول کے جیالوں پر گولی چلانا اس حکومت سے کیسے برداشت ہو سکا ۔ جناب اس میں کوئی ایسی شرمناک بات نہیں تھی کہ مسلمان اپنے جذبات کا مظاہرہ امریکن سنٹر کے سامنے کر رہے تھے جیسے ہمارے معزز رکن مولانا سمیع الحق

نے فرمایا توبہ نعوذ باللہ امریکن سنٹر کوئی خانہ کعبہ تو نہیں تھا جس کی وجہ سے موجودہ حکومت جو جمہوریت کی ٹھیکیداری کے نعرے لگا رہے تھے اس نے حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے عشق میں سرشار جلوس پہ گولی چلادی۔ حزب اقتدار سے حزب اختلاف کا مسئلہ نہ سمجھے بلکہ یہ پوری دنیا کے مسلمانوں کا مسئلہ ہے جناب مجھے سمجھ نہیں آتی کہ جب حزبِ اقتدار کی پارٹی کے لوگ اپنے ہر فنکشن میں نعرے لگاتے ہیں اور جئے بھٹو جئے بھٹو کے نعرے لگاتے ہیں اور پارلیمنٹ کے آداب کے خلاف شور وغل مچاتے ہیں اور جب ان کی توجہ اس طرف دلائی جاتی ہے تو کہتے ہیں کوئی بات نہیں وہ اپنے جذبات کا مظاہرہ کر رہے ہیں آہستہ آہستہ سیکھ جائیں گے لیکن جس وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے لوگوں نے جلوس نکالا تو ان پر گولی چلا دی گئی، بڑے شرم کی بات ہے، میں کہتی ہوں۔ جتنے بھی حکومتی بنچوں پہ لوگ بیٹھے ہیں ان سے میری درخواست ہوگی کہ وہ اپنے آپ کو دیکھیں کہ انہوں نے یہ کیا قدم اٹھایا ہے، اپنے جذبات کا مظاہرہ کرنے کے لئے اگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے جلوس نکالا گیا ہے تو اس پر بجائے گولی چلانے کے ان کو بھی اس جلوس میں شریک ہونا چاہیئے تھا۔ گولی بھی اسی لئے چلائی گئی ہے کہ اس میں سب لوگ تھے ماسوائے اس کے کہ ان کی پارٹی کا کوئی ممبر اس جلوس میں شامل نہیں تھا اگر اس جلوس میں ان کے ممبر شامل ہوتے تو یقیناً یہ گولی نہ چلتی۔

جنابِ والا! حزبِ اقتدار یہ نہ بھولے کہ ایک اور طاقت بھی ہے جس نے ساری کائنات بنائی ہے اور اس کے سامنے یہ بناوٹی سپر پاور امریکہ اور روس وغیرہ کچھ بھی نہیں ہیں اگر کسی کو سپر طاقت ماننا ہے تو اللہ تعالیٰ کی طاقت اور ذات کو جانو اور خدا کا خوف کرو۔ میں شہید ہونے والوں کے لئے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور زخمیوں کو صحت عطا فرمائے

جناب ایک اور بہت ہی افسوسناک واقعہ یعنی گولی چلانے اور زخمی کرنے کے باوجود بھی ان کی تسلی نہیں ہوئی میری اطلاع کے مطابق آبپارہ پولیس سٹیشن میں

[Dr. Noor Jehan Panezai]

ہزاروں سینکڑوں نوجوانوں کو گرفتار کیا گیا ہے اور رات کو تین سے پانچ انچ ٹھنڈا پانی کمروں میں چھوڑا گیا ہے ان کے پاس گرم کپڑے نہیں ہیں اور یقیناً وہ صحت کے لئے ایک سخت مشکل پیدا کر سکتا ہے میری حکومت سے درخواست ہے کہ خدارا خدا کا خوف کریں مسلمانوں نے ان باتوں کی پرواہ کبھی نہیں کی بلکہ میں آپ کو یہ بتاؤں کہ وہ تشدد کی کبھی پرواہ نہیں کریں گے کیونکہ وہ عشق رسول میں اتنے سرشار ہیں کہ وہ اس مشکل میں بھی سرخرو ہو کر نکلیں گے میں حکومت سے صرف یہ پوچھنا چاہتی ہوں کہ پچھلے ہفتے "ٹائمز" اور "نیوز ویک" میں اس پر تبصرہ آیا ہے کیا اسے پہلے ban نہیں کیا جا سکتا تھا کیا حکومت سوئی ہوئی تھی پاکستان میں وہ رسالے آ چکے تھے اس لئے حکومت سے میری درخواست ہے کہ وہ ان رسالوں پر بھی پابندی لگا دے جو اس پر تبصرے کو بڑے شوق سے تحریر کرتے ہیں۔ میں آخیر میں اس تحریک کی پرزور حمایت کرتی ہوں اور حکومت سے التجا کرتی ہوں کہ سینکڑوں نوجوانوں کو جو گرفتار کیا ہے انہیں فوراً اور اسی وقت رہا کر دیا جائے اور وزیر داخلہ کو اسی موقع پر استعفیٰ دے دینا چاہیئے یہ اس کے لئے بھی بہتر ہو گا اور قوم کے لئے بھی بہتر ہو گا۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: جناب فصیح اقبال صاحب۔

سید فصیح اقبال: بسم اللہ الرحمان الرحیم۔ کل اسلام آباد میں جو افسوسناک واقعہ ہوا ہے اس کے بارے میں اظہارِ خیال کے لئے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں اور پوری قوم کے غم میں میں بھی برابر کا شریک ہوں میرے ساتھیوں نے جس عمدہ طریقے سے پاکستان کے عوام کی ترجمانی کی ہے میں اس کی بھرپور تائید کرتا ہوں اور اس سلسلے میں مزید کچھ کہنے کی گنجائش تو نہیں ہے لیکن ایک بڑا مسئلہ اسلام آباد کی انتظامیہ کے بارے میں ہے کہ اسلام آباد میں پانچ سات سال میں یہ کوئی تیسرا واقعہ ہوا ہے اور انہوں نے کبھی بھی ان واقعات سے کوئی عبرت نہیں پکڑی اسلام آباد میں شیعہ، سنی کے مسئلے پر ایک ایسا ناخوشگوار واقعہ ہوا تھا کہ انہوں نے سیکرٹریٹ کا گھیراؤ کیا اور اس وقت کی

انتظامیہ اور ملک کے حکمرانوں نے اتنا شاندار فیصلہ کیا کہ حکومت نے چھٹی دے دی اور یہ پاکستان کی تاریخ میں پہلا واقعہ تھا کہ سیکرٹریٹ کا گھیراؤ کیا جائے اور سرکاری چھٹی دو دنوں تک دے دی گئی اور اس کے بعد اعلیٰ سطح پر مذاکرات ہوئے اور اس وقت کے وزیر داخلہ محمود ہارون صاحب نے میرا خیال ہے کہ ۲۴ گھنٹے جاگ کر ان تمام زعما اور لیڈروں سے ملاقاتیں کیں اور انہیں بتایا کہ یہ مسئلہ کسی طریقے سے مذاکرات کے ذریعے حل ہو اور اس کا پوری قوم پر اچھا اثر ہوگا اور دو دن کے مذاکرات کے بعد یہ مسئلہ حل ہوا ورنہ بہت سے لوگ پاکستان کے دوسرے علاقوں سے یہاں آئے تھے اور یہ ایک ایسا مسئلہ تھا کہ خدانخواستہ اگر اس کو بہتر طور پر حل نہ کیا جاتا تو سارے ملک میں مذہبی آگ بھڑک جاتی اور وہ بڑے ہی اچھے طریقے اور خوش اسلوبی سے حل ہوا، اسی طریقے سے امریکن ایمبیسی کا واقعہ بھی بڑا ناخوشگوار واقعہ تھا، سفارت خانے کا جلنا کوئی اچھا قدم نہیں تھا لیکن اس وقت بھی پولیس نے کوئی گولی نہیں چلائی لیکن کل کے واقعہ کو میرا خیال ہے کہ جب پریس نے اپنے قومی پریس کے نمائندوں اور نامہ نگاروں کو میں سلام کرتا ہوں اپنی جان کو ہتھیلی پہ رکھ کر رپورٹنگ کی آج کے اخبارات ہیں جو آنکھوں نے دیکھا حال آیا ہے میرا خیال ہے کہ وہ تحقیقات میں بڑا معاون اور مددگار ثابت ہوگا جس طرح کہ انہوں نے لمحہ بہ لمحہ اس کی رپورٹنگ کی ہے انہوں نے تو اپنی جان پہ کھیل کر یہ رپورٹنگ کی لیکن کسی نے یہ نہیں پوچھا کہ دیکھیں کہ کس طرف سے پہلے فائرنگ ہوئی لاٹھی چارج کب ہوا اور جو نوجوان معصوم بچوں کا پرامن جلوس چل رہا تھا اسے کس طرح سے ڈیل کیا گیا۔ میں نے دیکھا کہ کل ڈیڑھ بجے یہ جلوس پارلیمنٹ ہاؤس تک آیا تھا اس وقت بھی ہمارے وزراء سینیٹ میں موجود تھے ان کو باہر جانا چاہیئے تھا ان کو سب سے آگے جلوس کو lead کرنا چاہیئے تھا یہ ایسا واقعہ تھا جس پہ قوم کے تمام زعماء کو ایک ساتھ ہونا چاہیئے تھا اس میں کوئی بات نہیں ہے کہ کس کی حکومت ہے۔ جلوس کن لوگوں نے نکالا ہے میں نے اپنے چند ساتھیوں سے کہا تھا اس وقت حکومت

[Syed Faseih Iqbal]

کا فرض ہے کہ وہ اس جلوس کو لیڈ خود کرے اور اس مسئلے کو خوش اسلوبی سے حل کرے اس لئے کہ یہ مسئلہ کسی سیاسی پارٹی کی طرف سے نہیں تھا نہ اس کا کوئی سیاسی پارٹی فائدہ لے سکتی تھی لیکن افسوس کا مقام ہے ہمارے وزراء اپنے کمروں سے باہر نہیں نکلے ہمارے سینئر پولیس افسران اور سینئر ایڈمنسٹریٹر وہ بھی وہاں پر موجود نہیں تھے ان کو بھی آگے جا کر بچوں کو یہ سمجھانا چاہیئے تھا جہاں تک ان کے جذبات کا تعلق ہے تو پرسوں کی خبروں میں تمام ملک کو پتہ تھا کہ یہاں اسلام آباد میں تمام طبقوں کے لوگ جلوس میں حصہ لیں گے اور اپنے جذبات کا اظہار کریں گے کم از کم میں نے جو ڈیڑھ بجے تک جلوس دیکھا وہ بڑا پُرامن تھا لیکن افسوس کا مقام ہے کہ ہمارے لیڈروں نے ہمارے وزراء نے اور یہ حکومت جو ووٹ سے منتخب ہو کر آئی ہے اور definitely میں اس کی legitimacy پر کوئی اعتراض نہیں کرتا لیکن انہوں نے کل اس جلوس کے ساتھ جو طریقہ روا رکھا ایسا لگتا تھا کہ یہ حکومت اور انتظامیہ کسی اور فرقے کی ہے لوگ کسی اور کے ہیں۔ بہر حال یہ مسلمانوں کا ملک ہے اس میں کسی قسم کا اختلاف نہیں کرنا چاہیئے تھا۔ ان لوگوں کو آگے کر دیتے کہ یہ ہمارے علماء کا جلوس ہے مولانا کوثر نیازی ہیں وزیر داخلہ کو سب سے آگے ہونا چاہیئے تھا تا کہ لوگ محسوس کرتے کہ ہماری حکومت بھی اس میں برابر کی شریک ہے۔

جہاں تک ہمارے چھ بچے شہید ہوئے ہیں تو ان کے غم میں پورا پاکستان آج شریک ہے اگر آپ نے اس مسئلے کو نہ روکا تو پاکستان کے دوسرے شہروں میں بھی یہ مسئلہ اٹھ کھڑا ہو گا اور ایسے حالات بھی ہو سکتے ہیں کہ ملک امن و امان کا مسئلہ پیدا ہو جاتے جیسے ہماری بہن نور جہان صاحبہ نے فرمایا اس سلسلے میں نیوز ویک، ٹائمز میں یہ مضامین اور ان پر تبصرے چھپ چکے تھے۔ منسٹری آف انفارمیشن کو چاہیئے تھا کہ اس کا سختی سے نوٹس لیتے اور ان پبلشروں کی مطبوعات جو پاکستان میں ہیں ان کو ضبط کر لیتے تا کہ ان کو محسوس ہوتا۔ اس کے خلاف صرف پاکستان میں ہی نہیں بلکہ انگلستان میں بھی

مسلمانوں نے بہت بڑا مظاہرہ کیا جس میں تقریباً سترہ ہزار مسلمانوں نے حصہ لیا اور امریکہ کی مختلف ریاستوں میں بھی آئے دن مظاہرے ہو رہے ہیں۔ ہندوستان میں بھی یہ کتاب ban کر دی گئی۔ بنگلہ دیش میں بھی ابھی حال ہی میں اس کتاب کے خلاف زبردست غم و غصہ کا اظہار ہوا لیکن صرف یہ کہنا کہ اس کتاب کو پاکستان میں ban کر دیا گیا ہے اس کا پورا حل نہیں ہے۔ اس سلسلے میں حکومت کو برطانیہ اور امریکہ سے براہ راست پُرزور احتجاج کرنا چاہیئے ان کے سفیروں کو فارن آفس میں بُلا کر بتانا چاہیے ہمارے ملک کے جذبات اس سلسلے میں کیا ہیں۔ لیکن یہ چیزیں اس تساہل سے کی گئیں اس کو ایک معمول کا مسئلہ بتایا گیا اگر کل کا واقعہ بہتر طور پر حل کیا جاتا تو یہ واقعہ اس طرح نہ ہوتا اور اس کو مس ہینڈلنگ سے بچایا جا سکتا تھا لیکن افسوس یہ ہے کہ ہمیشہ بیوروکریسی میں خاص رواج ہے جلوس کوئی بھی نکالے وہ یہ محسوس کرتے ہیں کہ یہ عام طور پر مہنگائی کے خلاف ہے تنخواہ بڑھانے کے سلسلے میں ہے ان کے معاملے کچھ اور ہیں اس کو روایتی طور پر یہ محسوس نہیں کرنا چاہیئے کیونکہ یہ مذہبی مسئلہ تھا دنیا میں کوئی مسلمان کہیں بھی ہو حضورؐ کے ناموس کے لئے اس کے دل ایک ہی طرح دھڑکتے ہیں اور اس سلسلے میں کہیں دو رائیں نہیں ہیں اتنے فرقوں کے باوجود بھی اس مسئلے پر مسلمانوں کا اظہار غم ایک قدرتی امر تھا۔

میں نے دیکھا ہے کہ جب بھی ایسے مسئلے یہاں پاکستان میں آئے ہیں پچھلی حکومتوں نے کم از کم ان مسئلوں کو مذہبی رواداری کے ساتھ حل کرنے کی کوشش کی اور وہ مسائل حل ہوئے۔ یہاں ایسا نہیں تھا کہ خدانخواستہ لوگ اس کو سیاسی طور پر استعمال کرنا چاہتے تھے۔ لیکن افسوس یہ ہے ہماری حکومت میں جو لوگ اس وقت برسر اقتدار ہیں انہوں نے کچھ نہیں سوچا۔ اس مسئلے کو حل کرنے کا طریقہ یہی تھا وہ خود آگے آتے جلوس کو اپنے ہاتھ میں لیتے اور یہ خوش قسمتی کی بات ہے کہ نیشنل اسمبلی بھی چل رہی ہے اور سینیٹ کا اجلاس بھی ہے۔ اس میں کم از کم وہ بیانات دیتے

[Syed Faseih Iqbal]

اور لوگوں کو یہ بتلاتے کہ حکومت کے اور کیا ذرائع ہیں۔ اور اس کتاب کے خلاف اور کیا ارادے حکومت رکھتی ہے لیکن یہاں پہ صرف ایک تحریک کی تائید کر دینا اور نو اوبجکیشن کرنا کہ یہ تحریک ایڈمٹ ہو جائے حکومت کی طرف سے یہ رویہ کافی نہیں ہے۔ میری وزراء سے گذارش ہے اور ہمارے انٹرئیر منسٹر بڑے unlucky ہیں۔ پہلے وہ وزیر اتصاف تھے تو بلوچستان کا مسئلہ آیا۔ اس وقت بھی ایسا مسئلہ پیدا ہوا کہ لوگوں نے ان سے کہا آج ان کے ساتھ یہ مسئلہ ہوا۔ اب استعفیٰ دینا ان کا ذاتی کام ہے۔ لیکن لوگوں کے جذبات یہ ہیں کہ اس سلسلے میں حکومت یہاں کی انتظامیہ کے بارے میں فوری طور پہ بتلائے کہ اس نے جو قدم اٹھایا وہ بہتر تھا یا نہیں اور وہ لوگ جو گرفتار ہیں ان کی رہائی کے لئے فوری احکامات جاری ہوں اور ان ذمہ دار افسروں کو قرار واقعی سزائیں دی جائیں جنہوں نے اپنے اقدامات سے تجاوز کیا اور جہاں تک یہ انکوائری کا معاملہ ہے یہ بات خوش آئند ہے کہ انہوں نے ہائیکورٹ کے جج کو مقرر کیا ہے لیکن ان انکوائریوں میں ہم نے آج تک دیکھا ہے کبھی نتائج سامنے نہیں آئے ہیں اور یہ ہوا ہے کہ انکوائریاں ہوتی ہیں اور لوگ انکوائریوں میں جانے سے گریز کرتے ہیں کیونکہ بعد میں پولیس والے ان کو تنگ کرتے ہیں اس لئے جب آج کے اخبارات میں رپورٹنگ صحیح ہوتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ ان کو اس سے انکوائری میں بڑی مدد ملے گی ان کو فوراً پتہ چل گیا ہوگا کہ اس میں کس کی کوتاہی تھی۔ شکریہ!

جناب چیئرمین: شکریہ جناب فصیح اقبال صاحب اس ڈبیٹ کی وائنڈنگ اپ اعتزاز صاحب آپ کریں گے۔

Mr. Aitzaz Ahsan: Yes, Sir.

*(Interruptions)*

Mr. Chairman: I just want to see the time. I think I will call upon you at 1.15 p.m. Upto to 1.15 p.m. we will try and accommodate as many speakers as possible but it is quite possible, some people may not be able to get a chance to speak, so we must accept these realities.

اب میں جناب خان بہادر صاحب کو دعوت دیتا ہوں۔

You have only ten minutes.

جناب ڈاکٹر بشارت الہیٰ : صاحب! یا تو آپ باقی سپیکرز پر ٹائم تقسیم کریں

You cannot give ten minutes to one speaker.

جناب چیئرمین : کیونکہ یہ حکومت کی جانب سے بھی ہیں اس لئے میں نے سوچا کہ ان کو بھی موقع مل جائے باقیماندہ کے لئے کوشش کریں گے کہ time divide کر دیں۔

خان بہادر خان : اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم ۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم ۔ جناب چیئرمین صاحب! میں مشکور ہوں کہ آپ نے مجھے ٹائم دیا کہ میں اس مسئلے پر اظہار خیال کروں جو مسئلہ زیر بحث ہے اس پر میرے خیال میں دو آراء نہیں ہیں ہم اس ملک میں رہنے والے تمام دوست مسلمان ہیں اور مسلمان ہونے کے ناطے سے خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر یقین اور ان کا احترام یہ دین کا ایک بنیادی نکتہ ہے جس پر بھی کوئی دو آراء نہیں ہو سکتیں۔ نیسرا اس پر زیادہ زور دینا کہ میں زیادہ مسلمان ہوں یا فلاں زیادہ مسلمان نہیں ہے میرے خیال میں اس بات کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہیں تھا جو بعض دوست ثابت کرنا چاہتے تھے بعض دوستوں نے کہا کہ حکومتی پارٹی سیکولر ہے اور امریکہ کی لابی ہے ۔ یہودیوں کی لابی ہے لیکن میں ان دوستوں سے یہ بھی عرض کروں گا کیا انہوں نے ابھی تک یہ نہیں کہا وہ انہوں نے شاید ووٹ حاصل کرنے کے لئے کہا ہوگا یہ پارٹی ایک سوشلسٹ پارٹی ہے ۔ لوگوں کو علم ہے جن دوستوں نے ایسی باتیں کی ہیں کہ وہ کونسی لابی میں ہیں اور لوگوں کو علم ہے کہ یہ وہی لوگ ہیں جو امریکہ اور یہودیوں کی لابی ہیں اور ہم اس لابی میں قطعاً نہیں ہیں یہ فروعی باتیں تھیں اور میرا خیال ہے کہ اس قسم کی باتیں زیر بحث مسئلے کے متعلق نہیں کرنا چاہیئے تھیں۔ بہرحال انہوں نے کی ہیں تو ہمیں جواب دینا پڑا بعض دوستوں نے بڑی مدلل باتیں کی

[Khan Bahadar Khan]

ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ ان کی تقاریر بھی constructive تھیں لیکن بعض دوستوں نے صرف جذباتی تقریریں کی ہیں اور وہ سمجھتے ہیں کہ ان جذباتی تقریروں سے عوام ان کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھیں گے۔

میرا خیال ہے کہ لوگوں نے ہمیں ووٹ اس لئے دیئے ہیں کہ ہم خواہ اس بینچ پر بیٹھیں یا اس طرف بیٹھیں، تعمیری بات کریں۔ قوم کی بات کریں۔ ملک کی سالمیت کی بات کریں۔ ملک کی بقاء کی بات کریں اور آئین اور قانون کی بات کریں۔ اب جناب میں آٹھویں ترمیم پہ آؤں گا۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: میرے خیال میں آٹھویں ترمیم پہ آنے کی ضرورت نہیں ہے وزیر قانون صاحب اِس کا جواب دیں گے۔

خان بہادر خان: میرے دوست فرما رہے ہیں کہ آٹھویں ترمیم پہ بات کریں۔

جناب چیئرمین: اسی لئے کہا جاتا ہے کہ چیئرمین سے مخاطب ہوں۔ cross-talks میں نہ پڑیں۔

خان بہادر خان: جہاں تک اس مسئلے کا تعلق ہے، اس پہ ہر ایک کو افسوس ہے اس میں جتنی جانیں ضائع ہوئی ہیں، اس پہ بھی سب کو افسوس ہے، اس پہ کوئی دو رائے نہیں ہو سکتی ہیں۔ لیکن بنیادی سوال یہ ہے کہ یہ مسئلہ کیسے پیدا ہوا اور کس طرح یہ واقعہ ہوا۔ بات یہ ہے کہ اس میں ہمارے نیشنل اسمبلی کے بڑے اراکین بھی شامل ہیں۔ نیشنل اسمبلی سے باہر سے بھی ہمارے ایک دوست ہیں جن کو مولانا کوثر نیازی کہتے ہیں، وہ بھی اس میں ملوث تھے، اور شاید انہوں نے یہ ساری تحریک شروع کی۔ جیسے اخبارات سے عوام پہ واضح ہوا ہے۔ ہم یہ نہیں سمجھتے کہ کوثر نیازی صاحب کو اتنے عرصے میں یعنی کتاب چھپنے سے لے کر کل تک، یہ خیال کیوں نہیں آیا کہ اس کے متعلق کوئی تحریک چلانی چاہیئے۔ بلکہ اس نے بیان تک نہیں

دیا۔ بیان تک قطعاً نہیں دیا۔ کہ یہ کتاب اچھی ہے یا بُری ہے۔ اس کی condemnation کرنی چاہیئے مذمت کرنی چاہیئے، فوراً ایک ہفتہ کے اندر اندر یہ بات کیسے اس کے دماغ میں آئی کہ اس کے متعلق ایک تحریک چلانی چاہیئے۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اس کا کارنامہ نہیں ہے، اس میں ایک خفیہ ہاتھ کام کر رہا ہے اور اس خفیہ ہاتھ کی وجہ سے وہ یہ سب کچھ کر رہا ہے اور اس نے ہمارے بھی چند دوستوں کو اُکسا کر یہ جلوس نکالا ہے۔

جناب والا! میں تمام دوستوں سے اپیل کرتا ہوں کہ ان تمام چیزوں کو سامنے رکھ کر ہمیں یہ دیکھنا ہے کہ یہ واقعہ کیسے رونما ہوا، کیوں ہوا ہے، آیا یہ کہ خدا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ناموس کے تحفظ کے لئے ہوا ہے یا اس میں کوئی سیاسی مقصد ہے۔ سیاسی محرکات ہیں، یہ ہے اصل بات، جہاں تک اسلام کی بات کا تعلق ہے وہ میں نے عرض کر دی ہے۔ یہ کسی کی ٹھیکیداری نہیں ہے، ہم سب مسلمان ہیں۔ یہ ہمارا اور خدا کا تعلق ہے کہ ہم کتنے مسلمان ہیں، یہ بات خدا اور بندے کے درمیان ہے۔ یہ کوئی نہیں کہہ سکتا کہ خدا کے زیادہ نزدیک کون ہے۔ خان بہادر خدا کے زیادہ نزدیک ہے یا کم۔ یہ کوئی نہیں کہہ سکتا اور ہمیں کسی سے یہ سرٹیفکیٹ لینے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ میرا خیال ہے یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ اس قسم کی باتیں یہاں ہوں کہ میں مسلمان ہوں اور فلاں مسلمان نہیں ہے، ایک دوست نے پاکستان سے محبت کی بات کی ہے کہ ہمیں پاکستان سے بڑی محبت ہے، اور میں ان کا نام لوں گا، کیونکہ وہ مجھے بار بار اُکسا رہے ہیں، وہ ہیں اخونزادہ صاحب۔

جناب والا! جہاں تک پاکستان کا تعلق ہے ہم سب پاکستانی ہیں، ان کو ذاتی طور پر علم ہے کہ میں نے پاکستان کی تحریک میں کتنا کام کیا۔ تو یہ سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کہ پاکستان میں رہتے ہوئے، پاکستان سے کسی کو محبت نہیں ہوگی۔ البتہ میں صرف اتنا کہوں گا کہ پاکستان بنانے والے بھی مسلم لیگی تھے اور اس پاکستان کو اس

[Khan Bahadar Khan]

مقام تک لانے والے بھی مسلم لیگی ہیں۔ انہوں نے پاکستان کے بننے کے بعد غیر جمہوری حرکتیں شروع کیں اور ۱۹۴۷ء سے لے کر ۱۹۵۸ء تک کی تاریخ جو ہے یہ مسلم لیگ کا ایک بدنما دور ہے، ایک تاریک دور ہے۔ اس میں انہوں نے تمام پاکستان کو لوٹا۔۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: شکریہ! خان بہادر صاحب آپ کے دس منٹ پورے ہونے والے ہیں۔ آپ کے صرف دو منٹ ہیں۔

اخونزادہ بہرہ ور سعید: یہ ہمارے ساتھ شریک تھے۔

خان بہادر خان: مجھے اتنا ٹائم دیجئے کہ میں ان کا جواب دے سکوں۔

جناب چیئرمین: میں نے پہلے ہی آپ کو ایک منٹ زائد دے دیا ہے۔

خان بہادر خان: تو میں یہ عرض کروں گا کہ پاکستان کی تباہی میں بھی مسلم لیگ کا ہاتھ ہے۔ اگر پاکستان کے بنانے میں ان کا ہاتھ تھا۔۔۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: شکریہ! خان بہادر خان صاحب۔

خان بہادر خان: جناب میں کچھ باتیں اور کہنا چاہتا ہوں۔

Mr. Chairman: Sorry, I can't give any more time.

جی جناب پروفیسر خورشید احمد، آپ محرکین میں شامل تھے، آپ پہلے موجود نہیں تھے۔ اس لئے اب پروفیسر خورشید احمد صاحب کو موقع دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد جو معزز اراکین تقاریر فرمائیں گے ان کو سات سات منٹ کا موقع دیا جائے گا۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میں آپ کا ممنون ہوں کہ آپ نے مجھے اس اہم موضوع کے اوپر اپنے خیالات کے اظہار کا موقع دیا۔ میں اپنی ایک نہایت ہی اہم appointment کی وجہ سے دوسرے محترم ساتھیوں کی تقاریر نہیں سن سکا۔ میرا قاعدہ یہی ہے کہ میں ہمیشہ repetition کو

avoid کرتا ہوں۔ لیکن میں اپنی بات مختصر الفاظ میں آپ کے سامنے
رکھتا ہوں۔

جناب والا! اس موضوع پر میں صرف دو پہلوؤں سے بات کروں گا۔ سب
سے پہلی چیز یہ ہے وہ کتاب، جس پر کہ یہ ہنگامہ ہوا۔ یہاں یہ بات کہی گئی ہے کہ
آخر یہ لوگ سوتے سوتے یک لخت بیدار کیوں ہو گئے، اور آج اس کتاب کا درد
انہیں کیوں ہونے لگا۔ میں کسی کی نیت پر شبہ نہیں کرتا، صرف، facts آپ
کے سامنے رکھتا ہوں۔ facts یہ ہیں کہ، اس کتاب کا مصنف ایک
مدت سے برصغیر 'پاکستان' اور 'اسلام' کے بارے میں مختلف انداز سے دریدہ دہنی
کا مظاہرہ کر رہا ہے۔ سب سے پہلی اس کی کتاب ۱۹۸۱ء میں Midnight
children آئی، جس میں اس نے اندرا گاندھی پر کچھ رکیک حملے کئے۔ ہندوستان
نے اس کے اوپر احتجاج کیا۔ اس کے خلاف مقدمہ دائر کیا گیا، مصنف اور ناشر، دونوں
نے apologize کیا، damages out of the court دیئے
cost bear کی پھر اس کے بعد دوسرا اس کا ناول 'Shame' کے نام سے
آیا۔ جس میں پاکستان کو ہدف بنایا گیا، ایک طرف eulogise کیا گیا ایک
خاص پارٹی کو، اور دوسری طرف اسلام کے واسطے سے پاکستان پر مختلف رکیک حملے
کئے گئے حدود آرڈیننس کے اوپر اور دوسری چیزوں کے اوپر، مغربی میڈیا، ایسے
افراد کو project کرتا ہے build کرتا ہے، پہلے جو حملے
orientalists اپنے نام سے کیا کرتے، یا نام نہاد experts
تھے، اب ہماری بدقسمتی ہے کہ مسلمانوں جیسے نام رکھنے والے افراد کے ذریعے،
اس سے زیادہ گھناؤنی اور اس سے زیادہ شرمناک، اس سے زیادہ بیہودہ
چیزیں کہلوائی جا رہی ہیں اور جب کوئی ایسا شخص ایسی باتیں پیش کرتا ہے تو ہر
طرف سے اس کو build کرنے کی کوشش کی جاتی ہے اور blow-up

[Prof. Khurshid Ahmad]

کیا جاتا ہے، یہ ہے وہ پس منظر جس میں 'Satanic Verses' وجود میں آئی ہے۔

Satanic Verses کے بارے میں کہا گیا ہے کہ ایک سال پہلے شائع ہوئی اور اب آپ لوگ کیوں بیدار ہوئے، میں سمجھتا ہوں کہ یہ بات بھی درست نہیں ہے۔ بلاشبہ گزشتہ سال یہ آئی ہے۔ لیکن ہم ابھی ۱۹۸۹ء کے بالکل شروعات میں ہیں، ۱۹۸۸ء کے وسط میں یہ کتاب آئی ہے۔ اگست اور ستمبر میں یہ انگلستان میں introduce ہوئی ہے، سارے انگلستان کے اخبارات کے اندر اگست اور ستمبر میں اس پر reviews آئے ہیں اور اسی وقت ہندوستان کے مسلمانوں نے اس کا نوٹس لیا ہے۔ Impact نے 'جنگ' نے 'ملت' نے، 'وطن' نے ان تمام پرچوں نے اس پر گرفت کی ہے۔ اس کے بعد مسلمانوں نے ایک ایکشن کمیٹی قائم کی اسلامک کلچرل سنٹر لنڈن میں مسلمان سفراء نے ایک میٹنگ بلائی اور مسلمان سفراء نے اس پر آفیشلی پروٹیسٹ کیا۔ ستمبر میں او آئی سی کے سیکرٹری جنرل شریف الدین پیرزادہ نے سرکاری طور پر اس پر احتجاج کیا۔ اور تمام اڑتالیس مسلمان ملک جو اس تنظیم کے ممبر ہیں ان کے ہیڈ آف دی گورنمنٹ کو یا منسٹر آف انفرمیشن کو خط لکھا کہ اس کتاب کو مسلمان حکومتیں ban کریں اور economic sanctions استعمال کی جائیں۔ انگلستان کی ڈیفنس کمیٹی کا بھی یہی مطالبہ ہے کہ صرف کتاب کو ban کر دینا کافی نہیں ہے۔ یہ کام تو ہندوستان کی سیکولر حکومت نے بھی کر دیا ہے کہ وہاں کے مسلمانوں کے جذبات کی بنا پر ان کے مطالبے پر ہندوستانی حکومت نے بھی اسے ban کر دیا ہے۔ مسلمان ممالک اور او آئی سی نے جو مطالبہ کیا وہ یہ ہے کہ ان کے خلاف economic sanctions استعمال کی جائیں اور اسکے معنی یہ ہیں کہ پنگوئن اور وائکنگ کی تمام کتابوں کو مسلمان ممالک میں ban کر دیجئے اگر ساؤتھ افریقہ کی حکومت

apartheid کی مجرم ہے ۔ اس کے جواب میں تمام دنیا اس بات کا مطالبہ کر رہی ہے کہ ان کے خلاف economic sanctions لگائی جائیں تو وہ ادارے جو اسلام کے خلاف اس طرح اعلانِ جنگ کر رہے ہیں اور حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم اسلام کی روایات اور اسلام کی شخصیات پر اتنے شرمناک اور گھناؤنے الزامات لگا رہے ہیں ان کے خلاف economic sanctions کیوں استعمال نہ کی جائیں ۔ اس کی کوئی وجہ نہیں ہے کہ ایسا نہ کیا جائے ۔ صرف عمان ایک ملک ایسا ہے مسلمانوں کا جس نے economic sanctions لگائے ہیں ۔ باقی تمام مسلمان ممالک نے اس طرف ابھی تک کوئی موثر اقدام نہیں کیا ۔ ساتھ ہی یہ مطالبہ بھی ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ کتابیں اگر ہم ban کریں گے تو ہم کو نقصان ہوگا لیکن اس کا جواب یہ ہے کہ آپ اس کے ساتھ Copy-right Act کو modify کیجئے اور حقیقت میں جن کتابوں کی ہمارے ملکوں کو ضرورت ہے ان کو آپ یہاں print کیجئے ہندوستان نے بعینہٖ یہی کیا ہے ۔ ہمارے لئے آخر کرتے میں کیا عار ہے ۔ اسی طریقے سے تائیوان کی حکومت کا معاملہ کاپی رائٹ کے معاملے میں یہی ہے کہ انہوں نے دنیا بھر کی کتابوں کے معاملے میں کاپی رائٹ ایکٹ کو قبول نہیں کیا اور جس کی انہیں ضرورت تھی اسے شائع کیا ہے ۔ دراصل یہ ہے وہ پس منظر اور اس پس منظر میں اس وقت بھی انگلستان میں اس کتاب پر روزانہ احتجاج ہو رہے ہیں ۔ ۲۸ جنوری کو سترہ ہزار مسلمانوں نے لندن میں اس کے اوپر procession نکالا ۔ انگلستان کے اخبار اٹھا کر دیکھ لیجئے لیٹرز کے کالم میں تقریباً ہفتے میں دو تین اس پر خطوط آ رہے ہیں ۔ ایسا نہیں ہے کہ ہم کسی خواب خرگوش سے بیدار ہوئے ہوں ۔ بلکہ اس وقت پوری دنیا میں اس پر احتجاج ہو رہا ہے ۔ یہ کوئی ایک سال پرانی چیز نہیں ۔ دوسری بات یہ سامنے رکھیئے کہ اس پورے احتجاج کے باوجود اسی ہفتے

[Prof. Khurshid Ahmad]

واشنگٹن نے اس کو شائع کیا ہے وہاں کا ایڈیشن ابھی تک نہیں چھپا اور اس ایڈیشن پر امریکہ کے اخبارات میں اس ہفتے reviews آ رہے ہیں۔ تو یہ بالکل ایک recent occurrence ہے۔ اس کو یہ کہہ کر ٹال دینا کہ صاحب یہ کوئی سازش ہے اور کوئی سیاسی کھیل ہے جس کی بنا پر یہ لوگ کر رہے ہیں۔ یہ بات درست نہیں ہے۔

دوسری بات جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اصل کتاب کے بارے میں اگر مسلمان احتجاج نہیں کرتے اور مسلمان حکومتیں مؤثر کارروائی نہیں کرتیں تو آپ دروازے کھول دیں گے اس سازش کے کامیاب ہونے کے لئے جس کے تحت مغربی میڈیا مغربی افراد مغربی ذرائع مسلمانوں کے ذہنوں کو مسموم کرنے کے لئے مسلمانوں کی روایات کو تباہ کرنے کے لئے ہماری تاریخ کو مسخ کرنے کے لئے کوشاں ہیں۔ اسی وقت اس کو چیک کرنا ضروری ہے۔ Nip the evil in the bad اور اس کا راستہ یہی ہے کہ نہ صرف کتاب کو ban کیجئے بلکہ دنیا کے سامنے یہ بات ثابت کر دیجئے کہ مسلمان اپنے ایمان، نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی عصمت، قرآن کی عصمت، صحابہ کرام کی زندگیاں، ان کے بارے میں کوئی مکروہ اور شرمناک کاوشیں گوارا نہیں کر سکتے۔ میں یہ وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ جہاں تک علمی بحث کا تعلق ہے ہم نے کبھی علمی بحث سے روگردانی نہیں کی۔ ماضی میں بھی بحثیں ہوئی ہیں آئندہ بھی ہوں گی ہم اسے face کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن یہ طریقہ جو اختیار کیا جا رہا ہے جس کے ذریعے سے جھوٹ اور غلط باتیں جن کی کوئی حقیقت نہیں ہے ان کو نہایت ہی شرمناک اور گھناؤنے انداز میں پیش کیا جائے اور پھر پورا میڈیا اس کو ساری دنیا میں پروجیکٹ کرے یہ ہے وہ چیز جس کے خلاف ہم آواز اٹھا رہے ہیں اگر ایک شخص کی عزت اہم ہے اور اس کے لئے law of libel اور law of slander کو آپ مانتے ہیں اور اگر انگلستان کی حد تک کم از کم

[Prof. Khurshid Ahmed]

انگلستان میں عیسائیت محترم ہے اور law of philosophy بھی وہاں موجود ہیں تو کوئی وجہ نہیں کہ دنیا کے تمام انبیاء کرام علیہم السلام تمام مذاہب ان کی جو مقدس ہستیاں ہیں ان کی عزت کی حفاظت کے لئے کام نہ کیا جائے اور اگر ایسے قوانین موجود نہیں ہیں تو ایسے قوانین بننے چاہئیں اور وہ اسی وقت بنیں گے جب ہم احتجاج کریں گے اپنے جذبات کا اظہار کریں گے اور میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ انگلستان کے وزیر تعلیم نے چار یا پانچ دن پہلے "ٹائمز" میں مضمون لکھا ہے جس میں اس نے کہا ہے کہ ہمیں اس بات پر غور کرنا چاہیئے کہ اگر انگلستان میں عیسائیت کو defend کرنے کے لئے law of philosophy موجود ہے تو انگلستان میں پائے جانے والے دوسرے مذاہب کے پیروکاروں کے جذبات کا لحاظ رکھنے کے لئے بھی کچھ نہ کچھ ہونا چاہیئے اور خود Church of England نے اس بارے میں recommend کیا ہے کہ law of philosophy کو modify کیجئے اور اس کے اندر دوسرے جو مذاہب ہیں ان کے انبیاء ان کے لیڈروں کے بارے میں اس کو شامل کیجئے ۔ لیکن ہمارا حال یہ ہے کہ ہم مسلمان اس پر اگر احتجاج کرتے ہیں تو ان پر گولیاں چلائی جاتی ہیں ۔

جناب والا! دوسرا اس کا پہلو یہ ہے

Mr. Chairman: Two more minutes, Professor Sahib.

پروفیسر خورشید احمد: جی بہت بہتر ۔ پاکستان کی حکومت سے اس بات کا مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ فوری طور پر پنگوئن اور وائکنگ کے خلاف economic sanctions لگائے آفیشل سطح پہ پروٹیسٹ کرے برطانیہ اور امریکہ کی حکومت سے اور او آئی سی کے سیکرٹری جنرل نے جو request تمام مسلمان ممالک سے کی ہے اس کو پورا کرے ۔ دوسرے جناب والا! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ جو ظلم اسلام آباد میں ہوا ہے اس کی کوئی نظیر نہیں ملتی ۔ یہ کہنا کہ یہ ہمارے

[Prof. Khurshid Ahmad]

کسی سیاسی دشمن نے کرایا ہے اگر کسی نے کرایا ہے تو میں کہنا چاہتا ہوں کہ وہ پھر آپ کی وزارت داخلہ ہے وہ آپ کی پولیس ہے جو آپ کے کنٹرول میں ہے۔ ایسا یہاں پہلے کبھی نہیں ہوا۔ اس سے پہلے بھی یہاں بے شمار مظاہرے ہوئے ہیں۔ یہاں ہم نے اپنے شیعہ بھائیوں کا مظاہرہ بھی دیکھا کہ وہ تین دن تک یہاں بیٹھے رہے کوئی گولی نہیں چلی۔ یہاں پر ۱۹۷۹ء میں خانہ کعبہ کے واقعہ پر جلوس نکلا۔ ایمبیسی جل کر خاک ہو گئی لیکن کوئی گولی نہیں چلی لیکن آپ نے جو کچھ کیا وہ یہ ہے کہ ایک جلوس جس کے نکالنے کی اجازت دی گئی جس کی قیادت پرامن قومی راہنما کر رہے تھے اور Press communique آپ پڑھ لیجئے پورا۔ اس Press communique میں بھی صرف ایک جملہ آپ کو ملتا ہے اور وہ یہ کہ ان کی طرف سے فائرنگ ہوئی۔ حالانکہ اس کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ پولیس فائرنگ سے زخمی نہیں ہوئی ہے۔ صرف پتھر ہو سکتا ہے کہ چل گئے ہوں۔ جس کو ہم condone نہیں کرتے لیکن یہ بہر حال سیاسی لوگ ہیں اور سیاسی فضا میں آپ کو جاننا چاہیئے کہ کیا چیزیں ہوتی کیا چیزیں نہیں ہوتیں۔ اس جواب میں آپ نشانہ لے کر گولیاں ماریں اور پانچ افراد کو آپ شہید کر دیں یا سات کو شہید کر دیں۔ ۸۰ کو آپ زخمی کر دیں۔ اسلام آباد کی تاریخ میں یہ واقعہ پہلی مرتبہ ہوا ہے۔ میں آپ کو یاد دلانا چاہتا ہوں کہ مسلمانوں نے شاتم رسول کے بارے میں کبھی compromise نہیں کیا اور انگریز نے بھی اس نوعیت کے مظاہروں کے خلاف گولیاں نہیں چلائیں لیکن پیپلز پارٹی کی حکومت نے یہ بدنما مثال قائم کی ہے کہ اس نے لوگوں پر گولیاں چلائی ہیں آپ کو اس کی ذمہ داری قبول کرنی چاہیئے اور وزیر داخلہ کو استعفےٰ دینا چاہیئے۔ یہی وہ طریقہ ہے جس سے آپ اس کو control کر سکیں گے ورنہ لازماً تاریخ کہے گی کہ آپ اور صرف آپ اس کے ذمہ دار تھے اگر یہ جلوس نکل جاتا اور امریکن سنٹر میں قرارداد دے دی جاتی۔ آخر وہ لوگ اسی لئے تو آ رہے تھے کہ امریکن سنٹر جا کر وہ یادداشت

دیں گے کہ امریکہ میں اسی ہفتے یہ کتاب شائع ہوئی ہے۔ حقائق کو مسخ نہ کیجئے جو کچھ آپ نے کیا ہے بڑا غلط کیا ہے۔ قوم کے جذبات کا ساتھ دیجئے ہم کسی کے ایمان کو question نہیں کر رہے ہیں۔ لیکن آپ کی prudence آپ کی political sagacity اور جس طرح آپ نے ہینڈل کیا ہے اس معاملے کو وہ افسوسناک ہے وہ شرمناک ہے وہ قابلِ مذمت ہے اس کو rectify کیجئے ورنہ یہ ایک ایسا issue ہے جس سے اس ملک میں آگ لگ جائے گی۔ اس لئے کوشش کیجئے کہ specify کریں اور جو جمہوری ادارے ہم نے قائم کئے ہیں جس عمل کو ہم آگے بڑھانا چاہتے ہیں اسے آگے بڑھائیں۔ جو ہمارا مقصد ہے۔

**Mr. Chairman:** Mr. Muhammad Ali Khan. Six minutes, please.

**Mr. Muhammad Ali Khan:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

Mr. Chairman, Sir, the drama which was enacted yesterday in the Federal Capital in which five dedicated Muslims were martyred and about a hundred people were injured, was an unprecedented incident in the entire history of Islamabad, as this city is considered the most peaceful capital in the world. Sir, the entire nation has gone into grief because of the brutal policy and brutal handling of the unarmed and peaceful people by the police. The law enforcing authorities indiscriminately started firing on the unarmed people who had come out to protest against this infamous book called 'Satanic Verses' and were shouting the slogans of 'Allah Hu Akbar'.

Sir, this is not the first incident that has happened in this city but upto this day nobody can say that a single person was either shot dead or injured. Sir, these people had gathered not only to protest against this book and its banning in the country but also they were demanding the ban on the entry of two magazines — The Times Magazine and The News Week Magazine which published parts of this book in some of their issues and which were sold openly in our markets here in Pakistan. Sir, instead of confiscating copies of these

[Mr. Muhammad Ali Khan]

magazines and banning these magazines, the poor Muslims were martyred. No protest was lodged with the USA or the U.K. government for that matter where these books were printed and published but instead we obey each and every order issued by the American Government and also are striving hard to re-join the British Commonwealth. May I ask, is this the way that the rulers are trying to propagate their philosophy of Islamic socialism in the country?

Mr. Chairman, Sir, I assure you that 'Insha Allah' they would never succeed in these designs of theirs because we created this country in the name of Islam, and Islam alone. Sir, I demand that a judicial inquiry may be conducted immediately and those found guilty must be taken to task and at the same time due compensation be given to the relatives of those who were martyred as well as those who were injured. At the same time, we should apply economic sanctions as stated by my brother Prof. Khurshid in his speech against those two firms — the Viking in the USA and the Penguine in the U.K.

Sir, of course, I would not be one of those who would ask the Minister Incharge to resign as some of our distinguished Members of this august House have demanded in their speeches. He is a talented person and I leave it to his own good judgement. Thank you, Sir.

Mr. Chairman: Thank you. Mr. Nabi Bakhsh Zehri, 6 minutes please

میر نبی بخش زہری: جناب چیئرمین صاحب! جب بھی میرا وقت آتا ہے تو آپ ۱۵ منٹ سے دس منٹ فرماتے ہیں، ۱۰ منٹ سے سات اور سات سے اب چھ ہو گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: ایک منٹ تو اس میں سے جناب نے اس طرح خرچ کر دیا۔

میر نبی بخش زہری: یہ بھی آپ کی مہربانی ہے۔ جناب والا! زیر بحث موضوع پہ میں اتنا عرض کروں کہ ایک مسلمان کی حیثیت سے خدا کو لاشریک سمجھتے ہوئے پیغمبرِ خدا کو پیغمبر آخرالزمان مانتے ہوئے میں اس کتاب کا اور اس میڈیا کا جس کا حوالہ میرے معزز احباب دے رہے ہیں مذمت کرتا ہوں اور میں ساتھ ہی اس حکومت

سے بھی درخواست کرتا ہوں کہ وہ اپنے پورے وسائل اور ذرائع استعمال کرے تاکہ دنیا بھر میں جو مسلمانوں کے ممالک ہیں وہ بھی سرکاری طور پر احتجاج کریں اور اس مسئلے کو اطمینان بخش طریقے سے مسلمانوں کے جذبات کو سمجھتے ہوئے حل کرنے کی کوشش کریں۔ جہاں تک کہ عوام کا سوال ہے ظاہر ہے کہ وہ مسلمان کی حیثیت سے سب ساتھ ہیں اور میرے عزیز القدر دوست جناب قاضی حسین احمد صاحب نے جو الفاظ استعمال کئے یہ ان کے شایان شان نہیں تھے وہ بہت بڑے اچھے مقرر ہیں اور ان کا بڑا عزت والا مقام ہے ہم دل سے ان کی عزت کرتے ہیں بالا لحاظ اس کے کہ وہ کس جماعت سے منسلک ہیں اور کس کے سیاسی نظریے کے طور پر حامل ہیں مگر یہ جو "یار غار" کا لفظ ہے وہ آپ نے کارروائی سے حذف کیا آپ کا شکریہ، مگر ایسے بڑے آدمی سے یہ لفظ منسلک کر کے کوئی دیکھے تو یہ موزوں الفاظ نہیں ہیں اسی طرح ہمارے معزز اراکین نے جو تجاویز پیش کی ہیں۔

(مداخلت)

<u>میر نبی بخش زہری</u>: اور حق تو یہ ہے کہ اس مسئلے پر ہمارے علمائے دین ہمارے ملاّ صاحبان جو علم کو جانتے ہیں جو مذہب کو ہم سے زیادہ جانتے ہیں یہ ان کا کام ہے کہ دنیا بھر میں اور اس ملک میں وہ پہلے آگے ہو جائیں اور عوام اپنے پیچھے لگائیں یہ نہیں کہ عوام کے سامنے ایسی جذباتی باتیں کریں اور ایسے معاملات کو لا کر تمام ملک کے لئے اور قوم کے لئے ایک ایسا نام پیدا کریں جیسا کہ حوالہ دیا گیا کہ انگلینڈ میں جلوس نکالا گیا مگر وہاں فائرنگ نہیں ہوئی وہاں جلانے کی بات نہیں ہوئی بہت ساری جگہ اس قسم کے معاملات ہوتے ہیں تو علمائے دین کا کام کیا ہے آخر وہ ہمارے کون سے کام آئیں گے ہم تو عالم دین ہونے کا دعویٰ نہیں کرتے یہ علمائے دین جو اس وقت کہتے ہیں کہ وہ قرآن پاک کا ترجمہ جانتے ہیں وہ پڑھ سکتے ہیں وہ پڑھا سکتے ہیں تو یہ ان کا کام ہے کہ وہ آگے ہو۔ کر سینہ سپر ہو جائیں وہ گولی سے نہ

[Mir Nabi Bakhsh Zehri]

ڈریں کیونکہ اگر ان کو گولی لگی تو وہ جنت میں جائیں گے اور اگر ان کو گولی لگی تو وہ شہید ہو جائیں گے، عام آدمی کو وہ پیچھے رکھیں نہ کہ عام آدمی کو آگے کیا اور افسوس ہے کہ ایک سو زخمی ہو گئے اور پانچ شہید ہو گئے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: میں کسی پوائنٹ آف آرڈر کی اجازت نہیں دے رہا ہوں وقت کم ہے میں چاہتا ہوں کہ جو معزز ارکان تقریر کرنا چاہتے ہیں وہ کر لیں، زہری صاحب آپ کا ایک منٹ اور ہے۔

میر نبی بخش زہری: آپ کی مہربانی جناب، یہ تو ہمارے دوست ہیں ان کو اب یہ خیال ہوتا ہے کہ ان کو آگے ہونا پڑتا ہے، گولی تو آگے والے کو لگے گی پیچھے والے کو تو نہیں لگے گی —— میں چاہتا ہوں کہ اس مسئلے پر جو تحقیقات ہو رہی ہے وہ منصفانہ ہو اور جلدی ہو تاکہ لوگوں کو اطمینان ہو جائے، شکریہ!

قاضی حسین احمد: میرا نام لیا گیا ہے میں وضاحت کرنا چاہتا ہوں، گزارش یہ ہے کہ "یار غار" کے لفظ میں کوئی خرابی نہیں بڑا پاکیزہ لفظ ہے۔

جناب چیئرمین: میں نے اس کو پہلے ہی حذف کر دیا ہے اس لیے کہ اس سے غلط فہمی پیدا ہوتی تھی اس کو چھوڑیں وہ مسئلہ ختم ہو گیا ہے۔ جناب جوگیزئی صاحب

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: مجھے نہ سال یاد ہے نہ تاریخ یاد ہے البتہ اتنا یاد ہے کہ سلطان عبدالمجید یا عبدالحمید تھے ترکیہ کے اور ان کے وقت میں پیرس میں ایک ڈرامہ ہو رہا تھا جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذات کے متعلق ایک گستاخانہ بات تھی اس نے اسی وقت تلوار نکالی بولا کہ ابھی بند کر دو نہیں تو میں ابھی حملہ کرتا ہوں، اتنی غیرت اگر ہم میں نہیں ہے اگر ہم ایمانی طور پر کمزور ہیں تو کم از کم اتنا تو کر سکتے ہیں کہ ان کمپنیوں کی تمام مطبوعات جو ہیں ان کی درآمد ملک میں بند کریں اور اپنی ناراضگی کا بھرپور طریقے سے اظہار کریں اور ایسے مجاہد ہوں کہ جو اس کو وہاں

بھی ختم کر سکیں ۔ مجھے افسوس ہے انسان عقلمند وہ ہوتا ہے جو ایک دفعہ زک اٹھائے تو اس سے تجربہ حاصل کرے لیکن مجھے افسوس ہے کہ ۱۹۷۷ء کے بعد بھی اب تک یہ سمجھ نہیں آئی کہ کس جگہ پر قوم بگڑتی ہے اور سدھرتی ہے مجھے بہت سخت افسوس ہے مجھے اس عقل پہ افسوس ہے مجھے اس فراست پہ افسوس ہے ہم دل سے چاہتے ہیں کہ یہ حکومت چلے ہم کبھی نہیں چاہتے ہیں کہ یہ ملک پھر مارشل لاء کے سپرد ہو جائے لیکن خدا کے واسطے دین کے ساتھ تو مسخری نہ کرو۔ اس مسئلے میں کوئی سیاسی عزائم موجود نہیں تھے بقول نبی بخش زہری صاحب کے کہ ملا صاحبان کو آگے آنا چاہیئے، آپ نے ملاؤں کو مروانا ہے اور آپ نے اسی طریقے سے ان لوگوں سے جان چھڑانی ہے۔ یعنی وہ آگے چلیں اور آپ پیچھے۔ گولیاں چلیں تو آپ پیچھے پیچھے آئیں ایسے آدمی کو نہ جنت ملے گی نہ ایسے آدمی کو رینک میں رکھیں گے۔

جناب عالی! اس ملک کے ساتھ آج ہی نہیں تیرہ سو سال کی ہسٹری اٹھا کر دیکھیں یہودی اسلام کے اندر ملا کی صورت میں آئے تھے۔ پیروں کی صورت میں آئے تھے انہوں نے حدیثوں کو گھڑا اور انہوں نے مسلمانوں کو ایک دوسرے سے لڑایا۔ آج بھی پاکستان میں اس کے اثرات ہیں یہ نہ سمجھا جائے کہ کون کون ہے آپ اس کے اعمال سے سمجھیں ہم کسی کے دل کو چیر کر نہیں دیکھ سکتے کہ مسلمان ہے یا نہیں ہے لیکن اس کا عمل دیکھ کر آپ اندازہ لگا سکتے ہیں اس کا فرقہ کونسا ہے دنیا میں سوشلزم کون لایا تھا۔ یہودی لایا تھا وہ بھی یہودی تھا اگر وہ اسلام کے سوشل آرڈر کو دیکھتے تو دنیا میں کوئی دوسرا سوشل آرڈر آ ہی نہیں سکتا تھا یہ ایک سائنٹیفک مذہب ہے اور تیرہ سو سال سے یہودیوں کی سازشوں سے مسلمانوں میں تفرقے پڑتے رہے اور اسلام پر اس طریقے سے عمل نہیں ہوا جس کی ضرورت تھی ورنہ دنیا میں اور کوئی ازم رہ سکتا تھا نہ کوئی اور مذہب آ سکتا تھا یہ سائنٹیفک مذہب ہے میں اپنے دوستوں سے اتنا عرض کروں گا کہ خدا کے واسطے مذہب کے

[Nawabzada Jehangir Shah Jogezai]

ساتھ عزت کے ساتھ رہو ورنہ آپ کی گولیوں سے اور زبردست گولیاں بھی ہیں میں آپ کو بتاتا ہوں ۵ رجولائی ۱۹۷۷ء سے پہلے کی بات ہے ہمارے انفارمیشن منسٹر امان اللہ تھے۔ طاہر مرزا نے ان کی روٹی کی تھی میرے امان اللہ کے درمیان باتیں شروع ہو گئیں سوشلزم اور اسلام کی۔ اس نے کہا کہ

You will see within six months anybody who steals will be stoned to death.

آپ اس چیز سے غافل نہ ہوں اسلام کے ساتھ مذاق مت کرو۔ ہم لوگوں کو برداشت نہیں کریں گے جو بات قوم کے لئے فائدہ مند ہو اس میں ہم آپ کا ساتھ دیں گے لیکن اسلام کے ساتھ کسی کو برداشت نہیں کریں گے۔ خدا کی قسم اپنا سر بھی دے دیں گے اس لئے اس چیز سے اپنے آپ کو غافل نہ کرو۔ ایک گولی چلاؤ گے دس گولیاں چلائیں گے۔ اسلام کی خاطر۔ مگر ہمارا اپنا ملک ہے۔ آپ بھی جمہوریت سے آئے ہیں اور اسی رستے پہ چل کر ہم دونوں نے ملک کو مستحکم کرنا ہے اور اس میں اسلامی نظام معاشرت لانا ہے اسلامی قانون لانا ہے اگر یہ نہ لایا گیا تو آپ کہاں ہوں گے اور ہم کہاں ہوں گے۔ پاکستان اسلام کے لئے بنا ہے۔

جناب چیئرمین: نواب صاحب ایک منٹ رہ گیا ہے۔

نوابزادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: بس ایک منٹ میں ایک دو گالی دے سکتا ہوں اور کیا کر سکتا ہوں۔ جو کچھ کہا ہے میں اس کی تائید کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: شکریہ جناب۔ جناب اعجاز جتوئی صاحب چھ منٹ۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی: شکریہ جناب میں اس ایڈجرنمنٹ موشن کی تائید کرتا ہوں اور بحیثیت ایک مسلمان کے کل کے واقعہ پہ جتنا دکھ کیا جائے اتنا کم ہے کیونکہ اس چیز کا گورنمنٹ کو پہلے ہی پتہ تھا۔ دفعہ ۱۴۴ اٹھالی گئی تھی۔ ٹی وی وغیرہ میں یہ چیزیں آ چکی تھیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلاف جو بات کسی اور ملک میں لکھی گئی اس پہ احتجاج کرنے کے لئے کچھ علمائے کرام اور اس ملک کے

مسلمان اکٹھے ہوں گے اور احتجاج کریں گے۔ میں سمجھتا ہوں کہ کسی بھی جگہ پر حملے کی کوئی پلاننگ نہیں تھی - American Centre. of course, it is in Islamabad اور جو اخبارات سے پتہ چلا ہے وہ یہ ہے کہ کچھ لوگ ڈیلیگیشن بنا کر وہاں احتجاج کرنے کے لئے جانا چاہتے تھے بہر حال پھر mob mentality ہوتی ہے۔ masses کو کس نے اشتعال دلایا اور وہ کس طرح اس موڈ میں آئے کہ وہ سنٹر پر حملہ آور ہوئے سوچنے کی بات یہ ہے۔ دنیا کے ڈیموکریٹک ممالک میں یہ practice ہے جب mob کو disperse کرنا ہوتا ہے تو سب سے پہلے non-violent چیزیں استعمال ہوتی ہیں پانی بھی استعمال ہوتا ہے اور کئی چیزیں استعمال ہوتی ہیں firing shots استعمال ہوتی ہیں ہوا میں لیکن یہاں پر یہ سب تدابیر کیوں فیل ہو گئیں اور اس کے بعد براہ راست mob پر فائرنگ کی گئی جس کی ہم مذمت کرتے ہیں۔ اس کے بعد یہاں کافی تفصیلاً بحث ہوئی ہے۔ میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہوں کہ Penguine یا Viking کے لئے یہ گورنمنٹ امریکن گورنمنٹ اور برٹش گورنمنٹ سے ڈائیلاگ کرکے وہاں پر ان کے لئے جتنی بھی مشکلات پیدا کر سکے کرے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس گورنمنٹ کا یہ فرض بنتا ہے اور ساتھ ساتھ یہاں پر کچھ اس قسم کی باتیں بھی آئی ہیں کہ وزیر داخلہ صاحب استعفیٰ دیں میں سمجھتا ہوں کہ اسی شہر میں ۱۰ اپریل کو اوجڑی کیمپ کا جو واقعہ ہوا تھا۔ اس پر ہم سب نے کہا تھا کہ اس ملک میں ایک یہ tradition آنی چاہئے جب آپ کو کرسی ملتی ہے تو اس کرسی کو کبھی کبھی voluntarily چھوڑ بھی دیا کریں۔ اس وقت کے وزیر ڈیفنس چونکہ یہ آدمی کا معاملہ تھا ہم نے ڈیمانڈ کی تھی کہ آپ استعفیٰ دے دیں یہ ایک اچھی tradition ہو گی۔ میں سمجھتا ہوں اگر previously یہ tradition نہیں رہی تو اب یہ demand کرنا کہ فلاں استعفیٰ دے دے

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

یا تو previously ایک tradition ہوتی اس ملک میں وہ نہیں رہی میں اس گورنمنٹ سے اپیل کرتا ہوں کیونکہ سابقہ گورنمنٹ party basis پر نہیں تھی تو چلیں آپ ہی کوئی tradition قائم کر دیں . . . .

جناب محمد طارق چوہدری : استعفیٰ لکھنے گئے ہوئے ہیں ۔

Mr. Chairman: No point of order please. Yes Jatoi Sahib.

جناب اعجاز علی خان جتوئی : میں سمجھتا ہوں کہ وزیر داخلہ سے اس اسٹیج پر استعفیٰ مانگنا زیادتی ہو گی۔ جب تک یہ investigation نہ ہو جائے۔ اس میں اگر وہ ملوث پائے گئے تو میں سمجھتا ہوں کہ وہ استعفیٰ دے دیں گے ۔ میں ان کی بڑی عزت کرتا ہوں اور ان کا اپنا ایک سٹائل ہے۔ بہرحال کچھ actions ہو سکتے ہیں یہ گورنمنٹ کچھ ایکشن کر سکتی ہے ۔ اسلام کے ناطے، مسلمان ہونے کے ناطے میں سمجھتا ہوں کہ کل کے واقعہ میں سب سے پہلے یہاں کی پولیس کے چیف کو suspend کیا جائے اس کے بعد باقی جتنے لوگ اس میں involve تھے ان کو immediately معطل کر کے ان کے خلاف انکوائری کا آرڈر دیا جائے کیونکہ معاملہ بڑا حساس ہے یہ مذہب کا معاملہ ہے اور وہ بھی اتنی اونچی سطح کا ہے کہ ہمارے حضورؐ کے لئے ایسے الفاظ لکھے گئے ہیں اسلئے اس میں ہر مسلمان بڑھ چڑھ کر حصہ لے گا اور خدارا یہ جو ایک process شروع ہوا ہے اس کو بچانے کی خاطر ہم سب سیاسی لوگ ہیں ہم سب پولیٹیکل لوگ ہیں ہم نہیں چاہتے کہ مخالفت برائے مخالفت ہو ان سب چیزوں کو چلانے کے لئے آپ کو کچھ اقدام کرنے پڑیں گے ۔ ہمیں پتہ ہے کہ power transfer میں کچھ امریکہ کی مہربانیاں ہیں لیکن ان کی مذہب کے سامنے کوئی حیثیت نہیں ہے میں مؤدبانہ اس حکومت سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس معاملے کو انٹرنیشنل لیول پر لا کر جتنے مسلمان ممالک ہیں، ان سب کو ایک بلاک میں لا کر اس issue کے خلاف ایک compaign launch کی جائے ۔ بڑی مہربانی ۔

**Mr. Chairman:** Thank you. Dr. Bisharat Elahi Sahib.

**Dr. Bisharat Elahi:** Thank you Mr. Chairman.

Mr. Chairman Sir, the time is short and a lot has been said on this issue. I very strongly feel that for a government which has been beating its drum about democracy, about the peoples' rights, about the Constitution and about the Eighth Amendment which was binding them for doing other things has been a party in something which will leave a very deep and a black mark on the history of this nation. It is most regrettable that this has been allowed to happen. Some of the speakers have tried to give it a political colour. I honestly and sincerely believe and the Government knows it that there was no political angle whatsoever in this procession. It was as a consequence of the book written by a gentleman whose name I feel even saying his name is an offence to Islam and the Muslims and it was a protest which was meant to register the feelings of the Muslims of this country but everything turned ugly. Sir, if you look at today's papers and the papers of two days ago, they showed most of the Federal Ministers celebrating 'Basant', the papers of today hardly records or registers the statement of a Federal Minister. How many of the Federal Ministers were present at the time when orders were given for shooting of these people and how many of them went to the hospitals to find out as to how many people have been killed and how many of them have been injured and how many of them were being treated or were not being looked after properly ?

Sir, it is unfortunate, I don't say that it is doing of the Government but the Government is directly and wholely responsible to what happened. Apparently they have no control over themselves or the agencies working under them. They have been crying hoarse about the Eighth Amendment and they have been trying to hoodwink the whole issue the country is facing but a very minor demonstration they were not capable to handle. These demonstrations have been happening all over the world. May I ask through you Sir, how many people have been killed in England, and how many of them have been killed in America by the security and the police forces over there? The procession was being led by the very well respected leaders of Pakistan, the very persons with whom they were hand in glove over the restoration of democracy and these were the very persons who were fired at when the time came and when the procession was there. Whom were they trying to defend? Whether they were

[Dr. Bisharat Elahi]
trying to defend the Americans or the American Centre? What was the object?

Mr. Chairman: One minute more please.

Dr. Bisharat Elahi: I am afraid Sir, I should stop now because one minute will not do me any good and I thank you for having allowed me to speak.

جناب چیئرمین: مسٹر بجارانی، آپ کا وقت پانچ منٹ ہے۔

میر ہزار خان بجارانی: جناب چیئرمین! کل کا جو سانحہ اسلام آباد کے پُرامن شہر میں رونما ہوا ہے۔ اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے، میں سمجھتا ہوں کہ وہ کم ہے، آج بحث اس کتاب پر نہیں ہے۔ جس میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پر کیچڑ اُچھالا گیا ہے، ان پر حملے کئے گئے ہیں، جس سے عالم اسلام کے جذبات مجروح ہوئے ہیں اور ہر مسلمان کے جذبات کو ٹھیس پہنچی ہے۔

آج جس بات پر بحث ہو رہی ہے، وہ یہ ہے کہ کل کا یہ سانحہ کیوں پیش آیا۔ اس کی وجوہات کیا ہیں۔ جناب والا! اس جلوس کی اجازت باقاعدہ طور پر حکومت سے مانگی گئی۔ جس کے نتیجے میں دفعہ ۱۴۴ lift کی گئی۔ جلوس کی جو راہیں تھیں، وہ متعین کی گئی تھیں اور ان مقامات سے جہاں جہاں سے یہ جلوس گزرنا تھا اور جہاں جاکر اس نے اختتام کو پہنچنا تھا۔ وہ ساری ہی حکومت کے علم میں تھیں۔ ہونا تو یہ چاہیئے تھا۔ جناب چیئرمین! کہ جب اس جلوس کی اجازت طلب کی گئی تھی تو حکومت کے کچھ افراد بھی بذاتِ خود اس جلوس میں شامل ہو جاتے، وہ بھی request کرتے کہ آیئے آج اسلام کی خاطر، حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کی خاطر ہم سب یکجہتی کا مظاہرہ کرتے ہوئے مِل کر یہ جلوس نکالتے ہیں۔ لیکن نہ جانے کیوں خدا نے انہیں یہ توفیق نہیں دی۔ بہرحال وہ جلوس جب کل نِکلا تو اس کی قیادت نوابزادہ نصر اللہ خان، مولانا فضل الرحمٰن

صاحب جیسی شخصیتیں کر رہی تھیں جن سے قطعاً یہ اُمید نہیں کی جا سکتی تھی کہ وہ کسی مرحلہ پر عوام سے مشتعل ہونے کے بارے میں کوئی بات کریں گے یا ان کو کسی قسم کی غیر قانونی کارروائی پر اُکسائیں گے۔ یقیناً انہیں مشتعل کرنے میں کسی نہ کسی سرکاری اہلکار کا ہاتھ ہے اور آج کی جو تصاویر اخبارات میں چھپی ہیں ان سے یہ بھی اندازہ ہوتا ہے اور یہ بھی دیکھنے میں آتا ہے کہ اس جیپ پر براہِ راست shelling کی گئی جس جیپ میں یہ قائدین اس جلوس کی قیادت کر رہے تھے۔ یہ بذاتِ خود بھی ایک بڑی شرمناک اور افسوسناک بات ہے۔

باتیں یہ کی جا رہی ہیں کہ ہم اس میں انکوائری کمیشن بٹھائیں گے، اس کی باقاعدہ انکوائری ہو گی۔ ہائی کورٹ کے جج کی معرفت یہ کرائی جائے گی۔ لیکن جنابِ والا! کل اتنے بڑے ہجوم میں جہاں اتنے سارے لوگ اکٹھے تھے وہاں عینی شاہد موجود تھے۔ جن کی موجودگی میں یہ فائرنگ ہوئی۔ آخر کوئی تو responsible ہو گا۔ کیا حکومت وقت اتنا بھی نہیں کر سکتی کہ اس شخص کا تعین کر سکے کہ جس کے کہنے پر یہ فائرنگ وجود میں آئی۔ جس کے حکم سے یہ فائرنگ کی گئی۔ پُرامن شہریوں پر، پُرامن جلوس نکالنے والوں پر، کم از کم کل اس کو ہی معطل کر دیا جاتا تو ہم آج سمجھتے کہ حکومت نے بروقت کوئی قدم اٹھایا ہے۔

وزیر داخلہ کے استعفٰی کی بات تو بہت دور کی بات ہے۔ اس واقعہ کے کسی responsible افسر کو ابھی تک معطل نہیں کیا گیا۔ ان کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی گئی۔ بہرحال ہم توقع کرتے ہیں کہ وہ ضرور اس میں انکوائری کر کے صحیح حقائق ہمارے سامنے لائیں گے، یہاں وزیر موصوف نے کہا ہے کہ۔۔۔

جناب چیئرمین: آپ کا ایک منٹ اور رہ گیا ہے۔

میر ہزار خان بجارانی: میں جناب ابھی وائنڈ اپ کرتا ہوں۔ وزیر موصوف نے

[Mir Hazar Khan Bijarani]

کہا کہ اس کے پیچھے کوئی خفیہ ہاتھ تھا اور یہ مذہبی نہیں بلکہ ایک سیاسی جلوس تھا۔ میں یہاں یہ سوال کروں گا کہ جنابِ والا! اگر فرض کریں کوئی سیاسی جلوس بھی ہو تو کیا سیاسی جلوسوں پہ گولیاں چلائی جائیں گی اور اس طرح سے ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ کیا یہی جمہوریت ہے کیا اسی کو جمہوریت کہتے ہیں۔ چونکہ وقت زیادہ نہیں ہے۔ میں اپنی تقریر ختم کرنے سے پہلے صرف اتنا کہوں گا۔

غیروں کی نفرتوں کا گلہ ہم نے کب کیا
اپنوں کی قربتوں کے ستائے ہوئے ہیں ہم

Mr. Chairman: Mr. Javed Jabbar Sahib, you have all the time till 1.19 p.m.

Mr. Javed Jabbar: Sir, with your permission I surrender the time to Syed Iftikhar Gilani.

Mr. Chairman: Syed Iftikhar Gilani, then you have all the time till 1.15 p.m.

Lt. Gen. (Retd) Saeed Qadir: Mr. Chairman, may I raise a point of order?

جناب چیئرمین: جی جناب جنرل سعید قادر صاحب۔

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: جناب چیئرمین میں نے Adjournment Motion move کیا ہوا ہے جس میں، میں نے اس مصنف کو پاکستان میں ban کرنے کی درخواست کی ہوئی ہے۔

جناب چیئرمین: اسے دفتر میں ڈسکس کر لیں۔ It is not on the agenda today.

لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سعید قادر: مجھے پتہ ہے It is not on the agenda چونکہ آج گورنمنٹ کو ڈیمانڈز پیش کر دی گئی ہیں۔ میرا خیال تھا آپ مجھے دو منٹ کی اجازت دیں تو میں اسے گورنمنٹ کے سامنے پیش کر دوں۔

Mr. Chairman: No, not today, I think we will follow the normal rule. Syed Iftikhar Gilani, five minutes please.

سید افتخار حسین گیلانی : جناب چیئرمین ! میں بے حد مشکور ہوں ۔ میں صرف ایک دو معروضات پیش کرنا چاہ رہا تھا ۔ ہم ان جذبات کی بڑی قدر کرتے ہیں ۔ جن جذبات سے تقاریر کی گئیں ۔ باتیں ہوئیں ۔ ہم دیانت داری سے کہتے ہیں ہمیں بھی بہت دکھ ہوا ہے کل ان معصوم جانوں کے ضیاع کا اور ہمیں کچھ زیادہ دکھ اس لئے ہے کہ ہمارے گھروں میں پچھلے گیارہ سالوں میں بڑی لاشیں آئیں ۔ ہمارے باپوں کی لاشیں آئیں ۔ ہمارے بھائیوں کی لاشیں آئیں ، ہمارے بچوں کی لاشیں آئیں ۔ ہمیں بہت پتہ ہے ۔ جب گھر میں لاش آتی ہے تو کیا ہوتا ہے ۔ کون سے کہرام مچتے ہیں ۔ کیا تکالیف ہوتی ہیں ۔ لیکن وزیر داخلہ صاحب بتائیں گے ۔

ڈاکٹر بشارت الہٰی : تو کیا یہ بدلہ ہے ان لاشوں کا جو پچھلے گیارہ سالوں میں ان کے گھروں میں گئی ہیں ۔

(مداخلت)

سید افتخار حسین گیلانی : ہم نے ہر چیز سنی ہے ۔ ہر بات سنی ہے اب آپ ہماری بھی بات سنیں ۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: No cross talk Mr. Javed Jabbar, please address the Chair.

سید افتخار حسین گیلانی : جناب احتجاج تب ہوا کرتے ہیں یا احتجاج کی ضرورت تب پڑتی ہے جب ایک حکم ہو یا کوئی بات پیش ہو اسمبلی میں اور حکومت اس سے انکار کرے پہلے روز جب اس مسئلے کے متعلق موشن اور ریزولیوشن آیا قومی اسمبلی میں ہم نے مکمل طور سے اس پر اتفاق کیا ۔ ہم نے کبھی نہیں کہا کہ ہم اس ریزولیوشن کے کسی ایک لفظ کی بھی مخالفت کرنا چاہتے ہیں ۔ ہم نے یہ بھی کہا کہ ان حکومتوں سے شدت سے احتجاج کریں گے ہم نے یہ بھی کہا کہ ہم اس پنگوئن اور وائی کنگ ، جس کا آج ذکر ہوا

[Syed Iftikhar Hussain Gilani]

خدا گواہ ہے کہ مجھے علم نہیں تھا کہ وائکنگ نے بھی یہ کتاب پبلش کی ہے کہ ان پبلشرز کے متعلق بھی کارروائی کریں گے ۔ جھگڑا کس بات کا ہے ۔ احتجاج کس بات کے لئے کیا جا رہا ہے ۔ صرف ان معصوم جانوں کو ضائع کرنے کے لئے کیا جا رہا ہے ہم نے کب انکار کیا ۔ کس وقت ہم نے کہا کہ ہم یہ باتیں نہیں کرنے اور میرے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات کے متعلق یہ دعوے کئے جاتے ہیں ۔ یہاں پہ کیچڑ اچھالے جاتے ہیں کہ خدانخواستہ ہمیں جیسے ہم aliens ہیں اپنے کلچرز سے ہم aliens نہیں ہم سے بہتر مسلمان ہوں گے رب جانتا ہے وہ حشر کے دن حساب ہو گا ۔ ہمارا یہ ایمان ہے عقیدہ ہے کہ حشر کے دن ہر مسلمان کا حساب ہو گا ہمارے پاس اختیار نہیں ہے آج ۔ انکے پاس ہو گا ۔ ہمارے پاس نہیں ہے ۔ اگر ہم کسی سے کہیں کہ آپ بہتر مسلمان نہیں ہیں ۔ شاید ہم سے بہتر مسلمان ہوں ۔ اللہ کرے ہم سے بہتر مسلمان ہوں ۔ ہم نے بھی اپنے اعمال کا حساب دینا ہے اور میرے نبی کالی کملی والے کے نام کے خلاف کوئی بات کرے اور یہ حکومت صرف کرسی بچانے کے لئے کچھ کرے گی ۔ نہیں ۔ ہم جانیں دیں گے ۔ لیکن کوئی مسئلہ ہو تو ۔ مسئلہ کون سا ہے ۔ کب ہم نے انکار کیا ۔ حکم کریں یہ ۔ آپ حکم کریں ۔ ہمیں نیشنل اسمبلی سے حکم ہوا ۔ دریافت کیجئے جناب چیئرمین صاحب ۔ کون سی بات سے ہم نے انکار کیا ۔

(قطع کلامیاں)

قاضی حسین احمد : وزیر داخلہ استعفیٰ دے ۔ یہ قاتل بیٹھا ہوا ہے یہاں پہ ۔

جناب چیئرمین : قاضی صاحب ، پلیز ، جی سید افتخار حسین گیلانی صاحب ۔ ایک منٹ اور ہے ۔

سید افتخار حسین گیلانی : میں یہی عرض کرنا چاہ رہا تھا اس کو ذاتی معاملہ نہیں بنایا جائے ۔ یہ ہمارے دین کا سوال ہے ۔

جناب محمد طارق رحیم : یہ ایکسپنج کر دیجئے جناب ۔

(مداخلت)

Mr. Chairman: Mr. Javed Jabbar, you have not been given the floor. Please follow the rule.

سید افتخار حسین گیلانی : یہ ہمارے دین کا معاملہ ہے۔ ہمارے مذہب کا معاملہ ہے میں پروفیسر خورشید صاحب کی تقریر کی اس لئے بڑی قدر کرتا ہوں کہ انہوں نے بڑے مدبرانہ طریقے سے ساری بات کا تجزیہ کیا اور جو فرمایا ہم اب بھی چاہتے ہیں کہ معاملہ اتنا نازک ہے۔ مذہب کا ہے، دین کا ہے۔ بجائے اس کے کہ ہم ایک دوسرے پر کیچڑ اچھالیں، ہم نہیں اچھالیں گے اور ان سے بھی التدعا کریں گے کہ ہمارے کسی ساتھی پہ کیچڑ نہ اچھالیں اس مسئلے کو نپٹانے کے لئے ہم نے کبھی انکار نہیں کیا جو ڈائریکشن یہ معزز ایوان ہمیں دے گا انشاء اللہ حکومت من وعن اسی طریقے سے اسے قبول کرے گی۔

جناب چیئرمین : شکریہ ! وزیر داخلہ

Mr. Aitzaz Ahsan: Mr. Chairman, Sir, I will not go into the past 11 years. The issue before this august House today is not a partisan issue. It is what in parliamentary terminology is called a bi-partisan issue. There are no disagreements by the treasury benches on this issue and there is no opposition on this issue. Mr. Chairman, we are all Muslims. We are as emotively committed to the last and final Prophet of God who brought the message of peace and brotherhood to mankind as any other person in the Muslim world. We do not want to blow any trumpets. In all humility I join with my colleague Mr. Iftikhar Gilani in saying that we are as aggrieved, we have been as outraged by the publication as any God fearing Muslim can be, as any other member of the Ummah of Prophet Muhammad (peace be upon him). We are Muslims as I said Mr. Chairman, and we fervently believe that:

کی محمدؐ سے وفا تُو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

No position Mr. Chairman, no office be it high or low, no position, no status, not even as a Federal Minister or any other position is

[Mr. Aitzaz Ahsan]

More important, to any of us than our commitment to the 'Khatamun Nabiyeen' خاتم النبیین We have as I said Mr. Chairman, and I speak on behalf of all my colleagues, we have ourselves been outraged. We have been outraged at the 'Satantic Verses'. It was published last year Mr. Chairman. It was also banned last year. It was published not in Pakistan but in Britain and the United States. A resolution condemning the publication was moved in the National Assembly and was unanimously adopted by that House because we fully and unconditionally, unreservedly supported that resolution. As you must have read Mr. Chairman, the Prime Minister of Pakistan has also stated we have been making efforts that the book be banned in other countries also and that the Muslims countries in particular take a coordinated, concerted and united action and policy against the publication. When Mr. Chairman, the protest was planned, we shared our own sentiments of outrage against the publication with those protesting. We made no preventive arrests as had been a custom in the past. We took no preventive coercive actions. The administration, Mr. Chairman, sought an understanding and an agreement with the organizers so that the procession would go peacefully up to a point that was agreed and indicated by the organizers themselves. What happened thereafter, I will not go into the details, I will not comment on that now because as you are aware, Mr. Chairman, I have already ordered a judicial inquiry into this matter, into this very sad and tragic incident. It is not a judicial inquiry by a subordinate judge. The moment I learned that lives had been lost, that there had been police firing, the moment I learned that there was a police version about it also. Some parts of it are reflected in today's newspapers also, the moment I learned that some properties had been damaged, I thought it proper not to take upon myself to inquire into it. I had the privilege to speak immediately with the Chief Justice of the Lahore High Court. I requested the learned Chief Justice to appoint, to nominate a judge of his court independently to inquire into the incident. The learned Chief Justice was kind enough to agree immediately to my request. That Judge will inquire into the incident, Mr. Chairman. Anyone of us required to appear before the Inquiry Tribunal will appear. If the learned Judge inquiring into this incident considers it necessary that I appear before him I can assure this House through you, Mr. Chairman, that I shall personally myself also appear before the learned Judge. We want the full authority and dignity of the judicial institution to be reflected in the inquiry. Whatever the findings of that inquiry conducted, as I have submitted, Mr. Chairman, not by a subordinate Judge but a Judge of the High

Court, we will take action on the basis of that Inquiry Report, the findings of the Inquiring Judge. I have assured the National Assembly and I assure the Senate that strict and severe and immediate action upon the findings would be taken. This will not be an inquiry that will be shelved. This is not the purpose of this Government to put things under the carpet. We are not using the broom, we are not using the scissors. You have seen, Mr. Chairman, on the P.T.V. also what happened on that day. We have not applied any censorship. We have not allowed even the district administration to apply any censorship or any method whereby people could be denied what had appeared to the cameras' eye or to the reporters' eye.

As I was submitting, Mr. Chairman, we deeply regret the incident. We have deep and profound sorrow, profound grief upon the deaths caused in this city yesterday. Let the inquiry take place, Mr. Chiarman, let it fix its responsibility. Let us know what exactly happened? We will, as I said, take a strong, effective and deterent action on the basis of the findings and in accordance with the findings of the judicial inquiry. Let us know why as Senator Tariq Chaudhary has asked that these demonstrations are taking place now when the 'Satanic Verses' was published last year and was banned by the Federal Government several months ago. Let us know how the deaths were caused, how the demonstrators were injured and why? Let us know how more than 80 policemen were injured and how the guard was critically wounded? What was the extent of the damage to property? The learned Senator Qazi Hussain Ahmed indicated in his speech that the firing took place because USA flag was put to the torch. Let us know all these things. Let us know all the facts Mr. Chairman, and the facts are not to be found discovered or to be manipulated by anyone. They are to be discovered and found by an independent and a high judicial tribunal. Let us know who first broke and violated the agreement and who fired and we will take commensurate effective action on the findings.

Mr. Chairman, Sir, mention has been made several times to some conspiracy. Let us uncover it. Whosoever may be the confiderate? Mr. Muhammad Mohsin Siddiqui the learned Senator was dissatisfied as was Dr. Bisharat Elahi the learned Senator on the inquiry. The leaders of the demonstration Mr. Chairman, demanded a judicial inquiry by a Judge of the High Court. I had ordered that before the demand was made. Now, let us wait for the inquiry report. Mr. Mohsin Siddiqui, the learned Senator, again further

[Mr. Aitzaz Ahsan]
advised an immediate departmental inquiry. That too, Mr. Chairman, has been done. I have sought explanations in writing from all the concerned officials. Of course, any action must stay pending on the findings of the inquiry by the court otherwise I would presume to be taking pre-emptive action.

Mr. Chairman, Sir, as I said we are not here to suppress any facts. We do not want to suppress any facts. If any liability is fixed upon any body, appropriate action will be taken whosoever that may be and that does not exclude me from that the ambit of my statement. Mr. Chairman. As I said, we must determine the facts. May the House want itself to constitute a team or all Senators themselves to go and see for themselves the damage that has been done to some properties. This will indicate the nature of the incident. I am not at this moment laying any blame. It is not within my province to do that particularly since I have myself ordered a judicial inquiry. I am not at this moment pre-empting any judicial findings by commenting on the nature of the crowd and its mood. I am referaining from making any comments. But I would certainly welcome the Senators, the Members of this august House to themselves and if they so desire it can be arranged for them, visit the location and to see the damage that was done, that was being done and that was in the process of being done but that again I will not demonstrate to them in justification of any action that the police may have taken because of the simple fact that that justification or liability must now be fixed by the inquiry Tribunal.

Mr. Chairman, the book is banned in Pakistan. Efforts to have it proscribed elsewhere will be made. No debate or privilege motion has been opposed by me or by any of my colleagues. No press censorship has been applied. As I said, even the Pakistan Television has been reporting it. It has been in fact pointed out that Pakistan Television was not only reporting it yesterday but it was even reporting the prospect of the demonstration on the day before. This shows that we were not partisan. This shows that our sentiments, our outrage against that book was as intense as the sentiments and the outrage of any other participant in the procession.

Mr. Chairman, the sappling of democracy is young. It has to be nurtured and allowed to flourish. We know, as my learned colleague was saying, the pain and tribulations of a Draconian and brutal system. We, Mr. Chairman, want your co-operation and the co-operation of all the Members of this august House.

**Mr. Chairman:** Two more minutes Mr. Minister.

**Mr. Aitzaz Ahsan:** We want your co-operation, Sir, as a bi-partisan issue. What is happening unfortunately, I do not attribute this to be the intention of any protester but as an oblique result of our actions, of our protests what is happening is that the sale of that 'Satanic' book has risen. It was published a year ago. It was not being sold as much as one learns it is being sold now. The calumny is now being disseminated around the world more vigorously and more widely. We can ban the book in Pakistan and we have done it but can we ban it abroad? Can the demonstrations ensure the banning of the book in any other country? We want that to be done. We want to take adequate and effective measures but as Mr. Chairman, you are aware every other country is a sovereign country. Even we have to get in touch with other Muslim countries on this issue and then have a concerted policy.

Please do Mr. Chairman, through this House, issue an appeal to the entire Muslim world to ban the book. Please do Mr. Chairman, through this House, issue an appeal to the entire Muslim Ummah to have concerted and joint action on the book. But will that alone suffice? Let us not flare up sentiments, Mr. Chairman. Let us, as I have been submitting, look at it, of course, as a passionate, emotional and devoted Muslim but let us also not try to make it a partisan case. Let us cooperate. Let us be together on this issue. The message of Islam for all of us is a common message. The prophet of Islam — the last of the prophets of God is also as much our own, our prophet, as much are we bound to respect and to follow his teachings as anybody else in the House who is a Musalman. Mr. Chairman, I appeal through you to all the members of this House to get together. Let us talk, let us speak outside the House, let us consider the ways and means because our goal is one, our object is one, our intention is one, our prophet is one our religion and faith is one and we have all to work for the glory of that faith and the glory of this country.

Thank you Mr. Chairman.

جناب اعجاز علی خان جتوئی : پوائنٹ آف آرڈر۔ میں نے اور میرے کچھ ساتھیوں نے بہاریوں کے سلسلے میں ۲۵ تاریخ کو موو کیا تھا۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین : وہ کل ٹیک اپ کریں گے۔

جناب اعجاز علی خان جتوئی : ہمدانی صاحب کی request پر آج کے

[Mr. Aijaz Ali Khan Jatoi]

لئے ہم نے کیا تھا۔

جناب چیئرمین: وہ کل انشاءاللہ ہو گا۔ قاضی حسین احمد صاحب ایک تحریک پیش کرنا چاہ رہے ہیں اسی lines پر ہے جو نیشنل اسمبلی میں منظور ہوئی تھی۔

I would like to know whether you would object to this or would you agree to its being passed?

جناب اعتزاز احسن: کیا ہے جناب۔

Mr. Chairman: Qazi Hussain Ahmed, would like a resolution to be passed by this House on the same lines as the resolution in the National Assembly.

Mr. Aitzaz Ahsan: We do not oppose it.

### RESOLUTION RE: BANNING ENTRY OF ALL PUBLICATIONS OF PENGUINE AND VIKING IN TO PAKISTAN

Mr. Chairman: O.K. Then I move this resolution. It reads:

"This meeting of the Senate severely condemns the dis-respect shown to and invectives used against the Holy Prophet (peace be upon him) his holy wives and his holy companions in the book entitled 'Satanic Verses' written by Sulman Rushdi, a resident of London and demands that to punish the Penguine and Viking — the publishers of this book, the Government of Pakistan should ban the entry of all its publications in the country till they withdraw all copies of this book and tender apologies to the Muslim world.

The meeting further demands that the Government should put pressure on British and United States Governments through diplomatic channels and ask them to exercise their powers for stopping the publication of this book".

*(The motion was carried).*

**Mr. Chairman:** The resolution is passed unanimously.

**Dr. Bisharat Elahi:** Point of Order. It is not relevant to what we have been discussing but I would like to inform the treasury benches that petrol is not available in Islamabad as of today.

**Mr. Javed Jabbar:** Point of Order. Mr. Chairman, in response to that I have personally been informed by the honourable Minister for Petroleum that a delegation visited Islamabad today from Karachi and that the oil tankers strike has been called off.

**Dr. Bisharat Elahi:** Thank you.

**Mr. Chairman:** The House is adjourned to meet again tomorrow the 14th of February, 1989, at 11.00 a.m.

---

*[The House adjourned to meet again at eleven of the clock in the morning on Tuesday, 14th February, 1989].*

---

PCPPK–Litho/2757 (88-89) Senate–6-6-1991–300.